Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 | جمعرات، 23 مارچ، 2023ء، یکم رمضان المبارک 1444ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 301

وزیراعظم نے کہا کہ اپنی ذات کو پاکستان کے وسیع تر مفاد پر ایک نہیں ہزار بار بھی قربان کرنا پڑے تو پرواہ نہیں، آئین سب پر مقدم ہے، آئین وقانون سے کوئی بالاتر نہیں

کسی کو دہشتگردوں کو پناہ دینے اور ڈھال بنانے کی اجازت نہیں دینگے، وزیراعظم

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے تھرپارکر سندھ میں 1320 میگاواٹ شنگھائی الیکٹرک تھر (Shanghai Electric) اور 330 میگاواٹ تھل نوا تھر (Thal Nova) منصوبوں کا افتتاح کردیا

تھرکوئلہ 100 سال تک ہزاروں میگاواٹ بجلی پیدا کرسکتا ہے، جو بجلی تھر میں بن رہی ہے اگر امپورٹڈ کوئلے پر جائے تو اربوں ڈالر خرچ ہوں گے، منصوبہ پاکستان کی ترقی کا موجب بنے گا اور بن رہا ہے

تھر (نمائندہ خصوصی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سندھ تھرپارکر میں تاریخی منصوبوں کا افتتاح کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے تھرپارکر سندھ میں 1320 میگاواٹ شنگھائی الیکٹرک تھر (Shanghai Electric) اور 330 میگاواٹ تھل نوا تھر (Thal Nova) منصوبوں کا افتتاح کردیا۔ تھر کے کوئلے سے چلنے والے ان منصوبوں سے سالانہ 11.24 ارب کم لاگت بجلی کے یونٹ پیدا ہونگے۔ 3.53 ارب ڈالر کی مجموعی براہ راست سرمایہ کاری سے تعمیر ہونے والے ان منصوبوں کے افتتاح سے تھر کے کوئلے سے بجلی کی موجودہ پیداوار بڑھ کر 3300 میگاواٹ ہوجائے گی۔ وزیراعظم نے اس موقع پر وفاقی حکومت کی جانب سے تھر کے لیے اسپتال کے تحفے کا اعلان بھی کیا۔ انہوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تھرکوئلہ 100 سال تک ہزاروں میگاواٹ بجلی پیدا کرسکتا ہے، جو بجلی تھر میں بن رہی ہے اگر امپورٹڈ کوئلے پر جائے تو اربوں ڈالر خرچ ہوں گے، منصوبہ پاکستان کی ترقی کا موجب بنے گا اور بن رہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اپنی ذات کو پاکستان کے وسیع تر مفاد پر ایک نہیں ہزار بار بھی قربان کرنا پڑے تو پرواہ نہیں، آئین سب پر مقدم ہے، آئین وقانون سے کوئی بالاتر نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کچھ لوگ کہہ رہے ہیں کہ کوئلے کی بنیاد پر بجلی نہیں بننی چاہیے، وہ ملکی ترقی اور خوش حالی کے دشمن ہیں، ہمیں اس بارے میں کسی الجھن کا شکار نہیں ہونا چاہیے (بقیہ نمبر 1)

آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کا علاقہ پاکستان کیلئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے، قمر زمان

گلگت بلتستان کے محکمہ خوراک کو 25 ہزار میٹرک ٹن گندم کی فراہمی کے لیے فوری اقدامات اٹھائے جائیں

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وزیراعظم کے مشیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کا علاقہ پاکستان کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے اور یہی وجہ ہے کہ وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے ہمیشہ آزاد کشمیر اور گلگت (بقیہ نمبر 4)

مقبوضہ کشمیر میں جاری تحریک دراصل تحریک تکمیل پاکستان ہے، تنویر الیاس

برصغیر کے مسلمانوں کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے جب انہوں نے اپنے لیے ایک علیحدہ مملکت کے قیام کی بنیاد رکھی

مظفرآباد (خبر نگار) وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر سردار تنویر الیاس خان نے کہا ہے قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں جولاز وال جدوجہد کے نتیجے میں 23 مارچ 1940 کو قرارداد لاہور سے قیام پاکستان کی بنیاد تھی جسے لوگوں نے ایک (بقیہ نمبر 3)

IMF مطمئن نہ ہوسکا، شرح سود مزید بڑھانے کا فیصلہ

ذرائع کے مطابق اسٹیٹ بینک شیڈول سے قبل ہی 4 اپریل کو مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس بلائے گا

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) پاکستان کے پیشگی اقدامات سے آئی ایم ایف تاحال مطمئن نہ ہوسکا جس کے بعد شرح سود مزید بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اسٹیٹ بینک کے ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے شرح سود 4 فیصد تک بڑھانے کا مطالبہ کیا تھا تاہم پاکستان 3 (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: شفاف انتخابات میں بدنیتی ہوگی تو ہم مداخلت کریں گے: چیف جسٹس عمر عطا بندیال

الیکشن کمیشن کو آئین کے تحت اختیارات حاصل ہیں، الیکشن کمیشن آئینی ادارہ ہے جیسے ہم تحفظ فراہم کریں گے، چیف جسٹس

اگر شفاف انتخابات میں بدنیتی ہوگی تو ہم مداخلت کریں گے، سپریم کورٹ

چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال نے دوران سماعت ریمارکس دیئے کہ سروسز ٹریبونل کے ایک بینچ نے غلام محمود ڈوگر کو بحال کیا، سروس ٹریبونل کے دوسرے بینچ نے بحالی کا فیصلہ معطل کردیا

ہم صبر اور درگزر سے کام لے کر آئینی ادارے کا تحفظ کریں گے۔ آئینی اداروں کو بدنام کرنے والی ان آڈیو ٹیپس کی کوئی اہمیت نہیں، ڈیمو کریٹک پراسس فیئر ہونا چاہیے

سپریم کورٹ میں آڈیو اور ویڈیو لیک کا بھی تذکرہ کیا، چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ سپریم کورٹ آئینی ادارہ ہے جسے آڈیو ٹیپس کے ذریعے بدنام کیا جارہا ہے

پاکستان ایئر فورس کالج سرگودھا میں سالانہ فانڈرز ڈے 2023 کا انعقاد

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) چیف جسٹس پاکستان نے غلام محمود ڈوگر تبادلہ کیس میں ریمارکس دیئے ہیں کہ ایکشن کمیشن آئینی ادارہ ہے جیسے ہم تحفظ فراہم کریں گے، اگر شفاف انتخابات میں بدنیتی ہوگی تو ہم مداخلت سی پی او لاہور غلام محمود ڈوگر سے (بقیہ نمبر 5)

پاکستان ایئر فورس کالج سرگودھا میں سالانہ 2023 فانڈرز ڈے کا انعقاد

1953 سے قائم شدہ پی اے ایف کالج سرگودھا ایک قابلِ فخر تاریخ اور اعلیٰ میراث کا حامل ہے، ظہیر احمد بابر

قبل ازیں ایئر وائس مارشل (ریٹائرڈ) آصف مقصود، پرنسپل پی اے ایف کالج، سرگودھا نے کالج کی سالانہ رپورٹ پیش کی

سرگودھا (خصوصی رپورٹر) پاکستان ایئر فورس کالج، سرگودھا میں سالانہ فانڈرز ڈے 2023 کا انعقاد کیا گیا۔ سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو اس موقع پر مہمان خصوصی تھے۔ اپنے خطاب کے دوران مہمان خصوصی نے کہا کہ 1953 سے قائم شدہ پی اے ایف کالج (بقیہ نمبر 6)

قومی اسمبلی کی جانب سے گولڈن جوبلی تقریبات کے انعقاد کے سلسلے میں سرگرمیاں شروع

محترمہ آسیہ عظیم نے اسپیشل ایجوکیشن کی طرف سے ڈیزائن کردہ آئین کے بریل ورژن کا افتتاح کیا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) ممبر قومی اسمبلی آسیہ عظیم نے بدھ کے روز اسلام آباد میں سے آئین کی گولڈن کے انعقاد کے سلسلے میں ڈائریکٹوریٹ جنرل آف اسپیشل ایجوکیشن کی جانب (بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد: قومی اسمبلی کی جانب سے گولڈن جوبلی تقریبات کے انعقاد کے سلسلے میں سرگرمیاں شروع

نسل نو کو تعلیم و تربیت فراہمی، اقدامات کررہے ہیں، ظفر محمود

نگران حکومت تعلیم کے ساتھ صوبے کی تعمیر اور عوام کی ترقی و خوشحالی کے لئے کوشاں ہے

پشاور (خصوصی رپورٹر) نگران وزیر اعلیٰ خیبر پختونخواہ کے مشیر برائے سیاحت وثقافت ظفر محمود نے کہا ہے کہ نگران حکومت نوجوانوں کی بہترین تعلیم و تربیت کے لیے مؤثر اقدامات کررہی ہے جس سے وہ روشن مستقبل کی راہ پر گامزن ہونگے وہ سکول آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی پشاور کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ مشیر وزیر اعلیٰ نے کہا کہ نگران حکومت تعلیم کے ساتھ ساتھ صوبے کی تعمیر اور عوام کی ترقی و خوشحالی کے لئے بھرپور اقدامات کررہی ہے اور صوبے میں غریب اور مستحق افراد کو مفت علاج معالجے کی فراہمی کے علاوہ مفت آٹا تقسیم کررہی ہے اور نگران حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کی بھرپور کوشش کررہی ہے۔ حکومت دستیاب وسائل کو کفایت شعاری اور بہترین انداز سے استعمال میں لارہی ہے۔

اسلام آباد: شفاف انتخابات میں بدنیتی ہوگی تو ہم مداخلت کریں گے: چیف جسٹس عمر عطا بندیال

امیر کیلئے فیول مہنگا اور غریب کیلئے سستا کررہے ہیں، مصدق ملک

ریلیف کیلئے 3 آپشنز زیر غور ہیں، پاس ورڈ کے ذریعے یا کارڈ یا پھر بی آئی ایس پی کے ذریعے ادائیگی زیر بحث ہے، بیان

انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک میں 2 کروڑ 60 لاکھ موٹر سائیکلز ہیں جب کہ 2 کروڑ 14 لاکھ چھوٹی گاڑیاں ہیں

اسلام آباد (نامہ نگار) وزیر مملکت برائے پٹرولیم مصدق ملک نے کہا ہے کہ پٹرول پر سبسڈی نہیں دے رہے، امیر کا نرخ بڑھا کر غریب میں تقسیم ہوگا۔ اپنے بیان وزیر مملکت نے کہا کہ آئی ایم ایف کا خیال ہے کہ ہم پٹرول پر سبسڈی دے رہے ہیں۔ ہمارا پروگرام سبسڈی کا نہیں ہے، ہم نیا ٹیکس نہیں لگا رہے، امیر کا پٹرول نرخ بڑھا کر غریب میں تقسیم ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک میں 2 کروڑ 60 لاکھ موٹر سائیکلز ہیں جب کہ 2 کروڑ 14 لاکھ چھوٹی گاڑیاں ہیں۔ موٹر سائیکل ماہانہ 21 لٹر پٹرول استعمال کرتی ہے، گاڑیاں پٹرول ملا کر ماہانہ 460 ملین لٹر پٹرول کا استعمال بنتا ہے، موٹر سائیکل کو 100 روپے کا ریلیف ملے گا جبکہ چھوٹی گاڑیوں کو 30 لٹر تک ماہانہ ریلیف کی تجویز ہے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ امیر اور غریب کے لئے پیٹرول کی قیمت میں (بقیہ نمبر 11)

صدر مملکت کا بریگیڈیئر مصطفیٰ برکی اور دیگر سپاہیوں کو خراج عقیدت

اسلام آباد (نامہ نگار) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خاتمے کیلئے کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے شہدا کو وطن کیلئے جان کا نذرانہ پیش کرنے پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ بدھ کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری تعزیتی بیان کے مطابق صدر مملکت نے بریگیڈیئر مصطفیٰ برکی اور دیگر سپاہیوں کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے مکمل خاتمے کیلئے قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ ہے۔ صدر مملکت نے شہدا کے لئے بلندی درجات اور اہل خانہ کیلئے صبر جمیل کی (بقیہ نمبر 14)

معاون خصوصی وزیراعظم، وفاقی وزیر مملکت چوہدری حامد حمید صاحب کی اسلام آباد میں چیف آرگنائزر و نائب صدر مسلم لیگ ن محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ سے خصوصی ملاقات۔

عوامی للکار Daily Awami Lalkaar

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

افغانیوں کو جعلی پاسپورٹوں کا اجرا

حکومت نے خیبر پختونخوا سے جاری ہونے والے تین سو پاکستانی پاسپورٹ منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی) ایف آئی اے(کی جانب سے جعلی پاسپورٹ بنانے کے الزام میں گرفتار ملازمین کی نشاندہی پر یہ سراغ لگا لیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹوں کے مطابق گزشتہ دِنوں ایف آئی اے نے جعلی پاسپورٹ پر سفر کرنے والے افغان باشندوں کو حراست میں لیا تھا۔ گرفتار ہونے والوں نے بعض ملازمین کی ملی بھگت سے جعلی پاسپورٹوں کے اجرا کا انکشاف کیا تھا جس کے بعد پشاور، کراچی، اسلام آباد اور لاہور کے ہوائی اڈوں سے سفر کرنے والے متعدد افغان باشندوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ یہ بھی بتایا گیا ہے کہ پاک افغان سرحد پر کاروباری سرگرمیوں میں شامل کئی ایجنٹ حضرات اِن پاسپورٹوں پر کئی افراد کو پہلے ہی سرحد پار کرا چکے ہیں۔ ایف آئی اے حکام اِس حوالے سے تفصیلات اکٹھی کر رہے ہیں اور ایسے عناصر کا سراغ لگایا جا رہا ہے جو ماضی میں افغان باشندوں کے پاکستانی پاسپورٹ تیار کراتے اور انہیں سفری سہولیات فراہم کرتے رہے ہیں۔ ایف آئی اے حکام کا کہنا ہے کہ گزشتہ پانچ سے چھ سال کا حاصل کردہ ڈیٹا بھی محفوظ کر لیا گیا ہے۔ جعلی پاسپورٹ استعمال کرنے والے اکثر دیارِ غیر میں غیر قانونی اور غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث پائے جاتے ہیں جس سے پاکستان کی بدنامی ہوتی ہے۔ یہ دھندہ نہ جانے کب سے جاری ہے اور اب تک کتنی تعداد میں جعلی پاسپورٹ جاری کیے جا چکے ہیں، اِس حوالے سے تیز تر اور موثر ترین اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ حکومت نے خیبر پختونخوا سے جاری ہونے والے تین سو پاکستانی پاسپورٹ منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی) ایف آئی اے (کی جانب سے جعلی پاسپورٹ بنانے کے الزام میں گرفتار ملازمین کی نشاندہی پر یہ سراغ لگا لیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹوں کے مطابق گزشتہ دِنوں ایف آئی اے نے جعلی پاسپورٹ پر سفر کرنے والے افغان باشندوں کو حراست میں لیا تھا۔ گرفتار ہونے والوں نے بعض ملازمین کی ملی بھگت سے جعلی پاسپورٹوں کے اجرا کا انکشاف کیا تھا جس کے بعد پشاور، کراچی، اسلام آباد اور لاہور کے ہوائی اڈوں سے سفر کرنے والے متعدد افغان باشندوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ یہ بھی بتایا گیا ہے کہ پاک افغان سرحد پر کاروباری سرگرمیوں میں شامل کئی ایجنٹ حضرات اِن پاسپورٹوں پر کئی افراد کو پہلے ہی سرحد پار کرا چکے ہیں۔ ایف آئی اے حکام اِس حوالے سے تفصیلات اکٹھی کر رہے ہیں اور ایسے عناصر کا سراغ لگایا جا رہا ہے جو ماضی میں افغان باشندوں کے پاکستانی پاسپورٹ تیار کراتے اور انہیں سفری سہولیات فراہم کرتے رہے ہیں۔ ایف آئی اے حکام کا کہنا ہے کہ گزشتہ پانچ سے چھ سال کا حاصل کردہ ڈیٹا بھی محفوظ کر لیا گیا ہے۔ جعلی پاسپورٹ استعمال کرنے والے اکثر دیارِ غیر میں غیر قانونی اور غیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث پائے جاتے ہیں جس سے پاکستان کی بدنامی ہوتی ہے۔ یہ دھندہ نہ جانے کب سے جاری ہے اور اب تک کتنی تعداد میں جعلی پاسپورٹ جاری کیے جا چکے ہیں، اِس حوالے سے تیز تر اور موثر ترین اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔ حکومت نے خیبر پختونخوا سے جاری ہونے والے تین سو پاکستانی پاسپورٹ منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی) ایف آئی اے (کی جانب سے جعلی پاسپورٹ بنانے کے الزام میں گرفتار ملازمین کی نشاندہی پر یہ سراغ لگا لیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹوں کے مطابق گزشتہ دِنوں ایف آئی اے نے جعلی پاسپورٹ پر سفر کرنے والے افغان باشندوں کو حراست میں لیا تھا۔ گرفتار ہونے والوں نے بعض ملازمین کی ملی بھگت سے جعلی پاسپورٹوں کے اجرا کا انکشاف کیا تھا۔

بلاول کا چانس بن سکتا ہے

حامد ولید

عمران خان تو خود کہہ رہے ہیں کہ لندن پلان کے تحت نہ صرف انہیں گرفتار کروایا جائے گا بلکہ ان کی نااہلی بھی ہوگی اگر ایسا ہوتا ہے تو بلاول بھٹو کے لئے ایک چانس بن سکتا ہے کہ عمران خان کی نااہلی سے پنجاب میں پیدا ہونے والے خلا کو پر کر سکیں، اسی لئے آصف زرداری نظریں جمائے بیٹھے ہیں کہ توشہ خانہ میں فردِ جرم عائد ہونے کے بعد عمران خان کے خلاف شواہد کی بنا پر سزا ہو جائے تو اپنی اگلی چال چلیں، اس سے قبل انہوں نے پنجاب میں عمران خان کی حکومت کے خاتمے کو یقینی بنا لیا تھا اور چودھری پرویز الٰہی ان کے امیدوار برائے وزارت اعلیٰ بھی بن گئے تھے مگر پھر واپڈا کے سابق چیئرمین جنرل مزمل نے مبینہ طور پر چودھری پرویز الٰہی کو کسی کا پیغام پہنچایا جس کے بعد وہ بنی گالا روانہ ہو گئے، کچھ ایسی اطلاعات بھی ہیں کہ عمران خان کے جلسوں اور ریلیوں کے لئے بھی واپڈا کے ہی فنڈ استعمال کیے گئے تھے۔ گویا کہ جنرل مشرف کی باقیات نے عمران خان کو اپنا گھوڑا بنا کر نکالا تھا اور اب بھی اس کی ٹہل سیوا میں لگے ہوئے ہیں کیونکہ ان کی روزی روٹی کے چلتے رہنے کا انحصار عمران خان کی سیاست پر ہی ہے۔

گزشتہ برس جنوری میں سابق آرمی چیف جنرل راحیل شریف کے ایک قریبی ساتھی نے راقم سے کہا تھا اب سے 29 نومبر تک ساری سیاسی لڑائی اس ایک نقطے پر ہونی ہے کہ عمران خان، آصف زرداری اور نواز شریف میں سے کون اگلا آرمی چیف لگا پاتا ہے اس کے بعد چشم فلک نے دیکھا کہ پاکستان میں خوب دھاچوکڑی مچی، اپریل میں عمران خان کی وزارت عظمیٰ سے برخاستگی کے بعد لانگ مارچ کی داغ بیل ڈالی گئی، جنرل باجوہ کی مدت ملازمت میں اگلے عام انتخابات تک توسیع کا مطالبہ بھی کیا گیا اور وزیر آباد میں عمران خان پر گولی بھی چلی مگر نواز شریف اور آصف زرداری نے مل کر عمران خان اینڈ کمپنی کو شکست دے دی اور جنرل فیض حمید کی بجائے جنرل عاصم منیر کو آرمی چیف تعینات کر دیا گیا، اس کے بعد سے عمران خان کے غبارے سے ہوا نکل رہی ہے اور اب آرمی چیف سے ملاقات نہ ہونے کے بعد تحریک انصاف نے سیاسی مخالفین کے ساتھ بیٹھ کر بات چیت کرنے پر آمادگی کا اظہار کر دیا ہے، البتہ نواز شریف اور آصف زرداری اس کے لئے تیار نہیں ہیں اور چاہتے ہیں کہ جلد از جلد عمران خان نہ صرف جیل کی ہوا کھائیں۔

عنوان۔گلوبل وارمنگ

گلوبل وارمنگ ایک عالمی رجحان ہے، اور پاکستان ان ممالک میں سے ایک ہے جو اس کے سنگین نتائج کا سامنا کر رہے ہیں۔ بڑھتا ہوا درجہ حرارت، گلیشیئر پگھلنا، سطح سمندر میں اضافہ اور موسم کے بدلتے ہوئے نمونے یہ سب واضح نشانیاں ہیں کہ گلوبل وارمنگ پاکستان کے ماحول کے لیے حقیقی خطرہ ہے۔ پاکستان میں گلوبل وارمنگ کی متعدد وجوہات ہیں جن میں جنگلات کی کٹائی، صنعت کاری، آبادی میں اضافہ اور فوسل فیول پر انحصار شامل ہیں۔ تاہم گلوبل وارمنگ کو کنٹرول کرنے اور پاکستان کے ماحول کو بہتر بنانے کے کئی طریقے ہیں۔ پاکستان میں گلوبل وارمنگ کی وجوہات:

جنگلات کی کٹائی:

جنگلات کی کٹائی پاکستان میں گلوبل وارمنگ کا ایک بڑا سبب ہے۔ درخت کاربن ڈائی آکسائیڈ جذب کرتے ہیں، جو کہ گرین ہاس گیسوں میں سے ایک ہے جو گلوبل وارمنگ کا سبب بنتی ہے۔ جنگلات کی کٹائی سے درختوں کی تعداد کم ہوتی ہے، جس سے فضا میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کی سطح میں اضافہ ہوتا ہے۔

صنعت کاری: پاکستان کا صنعتی شعبہ تیزی سے ترقی کر رہا ہے اور اس کے ساتھ ہی فضا میں خارج ہونے والی گرین ہاس گیسوں کی مقدار میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ صنعتیں جیواشم ایندھن جلاتی ہیں، جو کاربن ڈائی آکسائیڈ، سلفر ڈائی آکسائیڈ، اور دیگر نقصان دہ گیسیں خارج کرتی ہیں جو گلوبل وارمنگ میں معاون ہیں۔

آبادی میں اضافہ:

پاکستان دنیا کے سب سے زیادہ آبادی

تحریر: نازیہ دانش

والے ممالک میں سے ایک ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی توانائی کی کھپت اور گاڑیوں کے استعمال میں اضافے کا باعث بنتی ہے جس سے گرین ہاس گیسوں کے اخراج میں اضافہ ہوتا ہے۔

فوسل ایندھن پر انحصار: پاکستان بجلی پیدا کرنے اور اپنے ٹرانسپورٹ سسٹم کو ایندھن دینے کے لیے فوسل فیول پر بہت زیادہ انحصار کرتا ہے۔ جیواشم ایندھن گرین ہاس گیسوں کی ایک قابل ذکر مقدار خارج کرتے ہیں، جو گلوبل وارمنگ میں حصہ ڈالتے ہیں۔

پاکستان میں گلوبل وارمنگ کو کیسے کنٹرول کیا جائے؟ مزید درخت لگائیں:

پاکستان میں گلوبل وارمنگ پر قابو پانے کے لیے ضروری ہے کہ زیادہ سے زیادہ درخت لگائے جائیں۔ درخت کاربن ڈائی آکسائیڈ اور دیگر نقصان دہ گیسوں کو جذب کرتے ہیں اور آکسیجن چھوڑتے ہیں، جس سے ہوا کا معیار بہتر ہوتا ہے۔

قابل تجدید توانائی کو فروغ دیں:

پاکستان کو جیواشم ایندھن پر انحصار کم کرنے کے لیے قابل تجدید توانائی کے ذرائع جیسے شمسی، ہوا اور پن بجلی کے استعمال کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ حکومت افراد اور صنعتوں کو قابل تجدید توانائی کے ذرائع اختیار کرنے کی ترغیب دینے کے لیے مراعات فراہم کرے۔ پبلک ٹرانسپورٹ کی حوصلہ افزائی کریں: عوامی نقل و حمل کی حوصلہ افزائی سے سڑک پر گاڑیوں کی تعداد کو کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے، جو کاربن کے اخراج کو کم کرتی ہے۔ حکومت عوامی نقل و حمل کو فروغ دینے اور اسے ہر ایک کے لیے سستی بنانے کے لیے پالیسیاں متعارف کروا سکتی ہے۔ فضلہ کم کریں:

فضلہ کو کم کرنا پاکستان میں گلوبل وارمنگ کو کنٹرول کرنے کا ایک اور طریقہ ہے۔ لینڈ فلز میں ختم ہونے والے کچرے کی مقدار کو کم کرنے کے لیے حکومت ویسٹ مینجمنٹ پالیسیاں متعارف کروا سکتی ہے۔ یہ ری سائیکلنگ، کمپوسٹنگ کو فروغ دے کر اور پلاسٹک کے استعمال کو کم کر کے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ نتیجہ: گلوبل وارمنگ پاکستان کے ماحول کے لیے ایک سنگین خطرہ ہے۔ گلوبل وارمنگ کی وجوہات بے شمار ہیں، جن میں جنگلات کی کٹائی، صنعت کاری، آبادی میں اضافہ، اور جیواشم ایندھن پر انحصار شامل ہیں۔ تاہم گلوبل وارمنگ کو کنٹرول کرنے اور پاکستان کے ماحول کو بہتر بنانے کے کئی طریقے ہیں۔ زیادہ سے زیادہ درخت لگانا، قابل تجدید توانائی کو فروغ دینا، عوامی نقل و حمل کی حوصلہ افزائی کرنا، اور فضلہ کو کم کرنا پاکستان میں گلوبل وارمنگ کو کنٹرول کرنے کے کچھ طریقے ہیں۔ گلوبل وارمنگ کو کنٹرول کرنے اور ماحولیات کے تحفظ میں حکومت، صنعتیں اور افراد سب کا کردار ہے۔

عوامی وریاستی طاقت آمنے سامنے کیوں؟

ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کے لئے اب تک بہت کچھ ہو چکا ہے اب مفاہمت کا راستہ اختیار کر کے بھی دیکھ لیں شاید حالات بہتر ہو جائیں اور ملک آگے بڑھنے لگے، اِس سے زیادہ اور کیا ہو سکتا ہے کہ آپ اپنے سیاسی مخالفین کے گھر پر چڑھ دوڑیں، اسے سرکاری مشینری سے توڑ پھوڑ دیں اور پھر یہ توقع کریں کہ سامنے والا ہتھیار ڈال کے آپ کی ہر فرمائش پوری کر دے گا، ایسا تو عام لڑائیوں میں نہیں ہوتا یہ تو سیاسی لڑائی ہے اِس میں ایسے اقدامات کا ہمیشہ منفی نتیجہ ہی نکلتا ہے۔ پولیس کے

نسیم شاہد

اس موقف کو زیادہ پذیرائی نہیں ملی کہ وہ سرچ وارنٹ لے کر عمران خان کے گھر زمان پارک گئی تھی۔ سرچ وارنٹ کیلئے ساتھ کرینیں، بلڈوزر اور سینکڑوں سپاہی نہیں لیجائے جاتے، گھر کے مکینوں کو سرچ وارنٹ دکھائے جاتے ہیں اور اس کے بعد گھر کی تلاشی لی جاتی ہے یہ تو خود پولیس نے تسلیم کیا ہے کہ ہم نے زمان پارک میں آپریشن کیا ہے۔ آپریشن وہاں ضرور کرتے جہاں سڑکوں پر کیمپ لگائے گئے تھے یا راستے بند تھے، عمران خان کے گھر کی دیواریں گرانے اور گیٹ توڑنے تیز اندر داخل ہو کر ہر چیز کو تہہ و بالا کرنے کی کس قانون کے تحت کارروائی کی گئی۔ اس میں تو واضح طور پر انتقام کی بو نظر آ رہی تھی، پھر کسی میڈیا والے کے سامنے گھر سے کچھ برآمد نہیں ہوا، ایسی ویڈیو فوٹیج بھی سامنے آ چکی ہیں کہ جن میں پولیس والوں کو دوبارہ بھرے تھیلوں کے ساتھ زمان پارک میں واپس آتے دیکھا گیا ہے، پھر برآمدگی کا قانونی اصول یہ ہے کہ جو کچھ سرچ آپریشن کے دوران برآمد ہوا ہے اسے گھر کے مکینوں کو دکھا کر ان سے برآمدگی شیٹ پر دستخط لیے جاتے ہیں، ایسی کوئی کارروائی پولیس نے نہیں کی اور زمان پارک سے کلاشنکوفیں بھی برآمد کر لیں، ان کی قانون کی نظر میں کیا اہمیت ہے اس کا فیصلہ تو اس وقت ہو گا جب پولیس انہیں کسی مقدمہ کے ساتھ عدالت میں پیش کرے گی، ایسی کارروائیاں تاریخ کا حصہ بن جاتی ہیں اور سیاسی تلخیوں میں اضافہ کرتی ہیں، اس سے کسی کو کچھ حاصل نہیں ہوتا کیونکہ عوام خاص طور پر اس دور کے عوام کہ جب صرف الیکٹرانک میڈیا ہی نہیں بلکہ ہزاروں افراد کے ہاتھوں میں موجود موبائل فون بھی ہر چیز کو محفوظ کر رہے ہوتے ہیں، اپنے مطلب کا بیانیہ بنانا آسان نہیں ہوتا۔

اِس بات کو تسلیم کر لینا چاہئے کہ معاملہ سیاسی ہے اور سیاسی انداز ہی سے حل ہو گا، طاقت کے زور پر اسے حل نہیں کیا جا سکتا یہ ممکن نہیں کہ آپ آپریشن کر کے ہر چیز اکھاڑ پچھاڑ کے رکھ دیں اور پھر اس جگہ کوئی نہ آئے۔ سب نے دیکھا کہ جب پولیس آپریشن کے بعد زمان پارک سے گئی تو شام گئے ہزاروں افراد دوبارہ وہاں آ گئے اور ساری رات موجود رہے بلکہ ان میں پہلے سے زیادہ جوش و جذبہ موجود تھا۔ عمران خان پر جتنے مقدمے بنائے جا رہے ہیں بڑا دل کر کے تسلیم کر لینا چاہئے کہ ان کی نوعیت سیاسی ہے، ایسے مقدمات سے کسی سیاسی رہنما کی مقبولیت کم ہوتی ہے اور نہ ہی اسے جھکنے پر مجبور کیا جا سکتا ہے، کسی عام سیاسی رہنما کی بات علیحدہ ہے لیکن ایک بڑی سیاسی جماعت کا سربراہ اور مقبول ترین لیڈر اِن چیزوں سے اگر خوفزدہ ہو جائے تو اس کی سیاست ختم ہو کر رہ جائے گی۔ ہمارے ملک میں بدقسمتی سے یہ چلن رہا ہے کہ سیاسی رہنماں کو راستے سے ہٹانے یا انہیں تابع فرمان بنانے کے لئے سرکاری مقدمات کا سہارا لیا جاتا ہے، خود عمران خان کے دورِ حکومت میں یہی ہوتا رہا اور مسلم لیگ)ن(اور پیپلز پارٹی کے رہنما ان کا ہدف رہے، اس زمانے میں بھی سنجیدہ حلقے اس رجحان کو ملک کی سیاست کیلئے نقصان دہ قرار دیتے تھے۔ اب یہ عقدہ کھل رہا ہے کہ ایسے مقدمات کے پیچھے کہیں نہ کہیں اسٹیبلشمنٹ کا بھی ہاتھ ہوتا تھا۔

ان مقدمات سے کسی کی سیاست ختم ہوئی ہے نہ ہی اسے بزورِ طاقت سیاسی منظر سے ہٹایا جا سکتا ہے۔ اس کی مثال حالیہ حکومتی سیٹ اپ ہے جس میں وہ تمام شخصیات شامل ہیں جن پر مقدمات بنائے گئے، اسی وجہ سے ہمارے نظام انصاف اور سیاست کا مذاق اڑتا ہے کہ اس میں کل کے مجرم مدعی ٹھہرتے ہیں اور آج کے مدعی کل کے مجرم بن جاتے ہیں۔ یہ کھیل ہمیشہ سے جاری ہے اور عوام یہ تماشا ہر دور میں اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں اس کھیل کو کون سپانسر کرتا ہے اور کس کے ایما پر ہوتا ہے اس کا عقدہ ابھی تک حل نہیں ہو سکا، دونوں طرف منظر پر سیاست دان ہی ہوتے ہیں اور ساری ذمہ داری بھی ان پر عائد کر دی جاتی ہے۔ سیاست دانوں کو ابھی تک شعور آیا ہے اور نہ ہی اِس کھیل کے پس پردہ کرداروں نے کوئی ہوش کے ناخن لئے ہیں۔ ماضی کے سارے منظر نامے کو بھول کر آپ حالیہ نظر بندی پر نظر ڈالیں، اس وقت حزبِ اقتدار اور حزبِ اختلاف کی تقسیم اتنی واضح ہے کہ کوئی ابہام موجود نہیں۔ ایک طرف تمام سیاسی جماعتیں اقتدار میں ہیں اور دوسری طرف تحریک انصاف اپوزیشن میں ہے اس وقت منظر یہ ہے کہ دونوں ایک دوسرے کو نیچا دکھانے بلکہ زمین پر گرانے کے لئے تلی ہوئی ہیں۔ حکومت کے پاس ریاستی طاقت ہے وہ اس کا استعمال کر رہی ہے اور تحریک انصاف کے پاس عوامی طاقت ہے وہ اسے بروئے کار لا رہی ہے۔ وجہ تنازعہ کچھ اور نہیں بلکہ ایک آئینی معاملہ ہے، یعنی انتخابات، زیادہ سے زیادہ بھی حکومت کو مدت مل جائے تو وہ پانچ چھ ماہ سے زیادہ نہیں جبکہ دو صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات 90 دنوں میں کرانے کا حکم پہلے ہی آ چکا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ دونوں طرف سے اس امر کا اظہار بھی کیا جاتا ہے کہ ہم بات چیت کے لئے تیار ہیں مگر نجانے وہ کون سی طاقت ہے جو اِن دونوں کو بات چیت کی میز تک آنے نہیں دے رہی۔ دو روز پہلے تو ایک طرف وزیراعظم شہباز شریف نے یہ بیان دیا کہ افہام و تفہیم سے معاملات حل کرنے کو تیار ہیں۔ اور دوسری طرف عمران خان نے بھی اسی قسم کے خیالات کا اظہار کیا۔ سوال یہ ہے کہ اس معاملے کو صرف بیانات کی حد تک کیوں رکھا جا رہا ہے، آگے بڑھ کر عملی شکل دینے کی کیوں کوشش نہیں کی جا رہی۔

، کیوں ایک دوسرے کو چور، ڈاکو، مافیا اور فاشسٹ، دہشت گرد قرار دیا جا رہا ہے۔ کیا کوئی مان سکتا ہے کہ عمران خان کو مقدمات پر مقدمات بنا کر اپنے موقف سے دستبردار کرایا جا سکتا ہے، دوسری طرف کیا عمران خان اپنی یکطرفہ مہم کے ذریعے کیا حکومت کو مطالبات ماننے پر مجبور کر سکتے ہیں؟ یہ دونوں کام نہیں ہو سکتے۔ تاوقتیکہ دونوں فریق کھلے دِل سے مذاکرات پر آمادگی ظاہر نہ کریں۔

انتخابات سے حکومت کو انکار ہے اور نہ تحریک انصاف یہ سمجھتی ہے کہ انتخابات غیر معینہ مدت تک ملتوی کیے جا سکتے ہیں۔ بادی النظر میں اِس وقت دونوں کے درمیان فرق یہ ہے کہ انتخابات آئینی مدت کے بعد ہوں یا فی الفور کرائے جائیں۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ حکومت کی طرف سے ابھی تک انتخابات کے موضوع پر تحریک انصاف کو مذاکرات کی سنجیدہ دعوت نہیں دی گئی۔ اگر حکومت یہی بات تحریک انصاف کے سامنے رکھے کہ وہ موجودہ اسمبلیوں کی مدت پوری ہونے پر انتخابات کے لئے تیار ہے تو برف پگھل سکتی ہے، لیکن ایسا نہیں ہو رہا اور کشیدگی ہے کہ بڑھتی چلی جا رہی ہے جس کا سراسر نقصان ملک کو ہو رہا ہے اور معاشی حالات اس کا واضح ثبوت ہیں۔ اِس بات کو تسلیم کر لینا چاہئے کہ معاملہ سیاسی ہے اور سیاسی انداز ہی سے حل ہو گا، طاقت کے زور پر اسے حل نہیں کیا جا سکتا یہ ممکن نہیں کہ آپ آپریشن کر کے ہر چیز اکھاڑ پچھاڑ کے رکھ دیں اور پھر اس جگہ کوئی نہ آئے۔ سب نے دیکھا کہ جب پولیس آپریشن کے بعد زمان پارک سے گئی تو شام گئے ہزاروں افراد دوبارہ وہاں آ گئے اور ساری رات موجود رہے بلکہ ان میں پہلے سے زیادہ جوش و جذبہ موجود تھا۔ عمران خان پر جتنے مقدمے بنائے جا رہے ہیں بڑا دل کر کے تسلیم کر لینا چاہئے کہ ان کی نوعیت سیاسی ہے، ایسے مقدمات سے کسی سیاسی رہنما کی مقبولیت کم ہوتی ہے اور نہ ہی اسے جھکنے پر مجبور کیا جا سکتا ہے، کسی عام سیاسی رہنما کی بات علیحدہ ہے لیکن ایک بڑی سیاسی جماعت کا سربراہ اور مقبول ترین لیڈر اِن چیزوں سے اگر خوفزدہ ہو جائے تو اس کی سیاست ختم ہو کر رہ جائے گی۔ ہمارے ملک میں بدقسمتی سے یہ چلن رہا ہے کہ سیاسی رہنماں کو راستے سے ہٹانے یا انہیں تابع فرمان بنانے کے لئے سرکاری مقدمات کا سہارا لیا جاتا ہے، خود عمران خان کے دورِ حکومت میں یہی ہوتا رہا اور مسلم لیگ)ن(اور پیپلز پارٹی کے رہنما ان کا ہدف رہے، اس زمانے میں بھی سنجیدہ حلقے اس رجحان کو ملک کی سیاست کیلئے نقصان دہ قرار دیتے تھے۔ اب یہ عقدہ کھل رہا ہے کہ ایسے مقدمات کے پیچھے کہیں نہ کہیں اسٹیبلشمنٹ کا بھی ہاتھ ہوتا تھا۔

ان مقدمات سے کسی کی سیاست ختم ہوئی ہے نہ ہی اسے بزورِ طاقت سیاسی منظر سے ہٹایا جا سکتا ہے۔ اس کی مثال حالیہ حکومتی سیٹ اپ ہے جس میں وہ تمام شخصیات شامل ہیں جن پر مقدمات بنائے گئے، اسی وجہ سے ہمارے نظام انصاف اور سیاست کا مذاق اڑتا ہے کہ اس میں کل کے مجرم مدعی ٹھہرتے ہیں اور آج کے مدعی کل کے مجرم بن جاتے ہیں۔ یہ کھیل ہمیشہ سے جاری ہے اور عوام یہ تماشا ہر دور میں اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں اس کھیل کو کون سپانسر کرتا ہے اور کس کے ایما پر ہوتا ہے اس کا عقدہ ابھی تک حل نہیں ہو سکا، دونوں طرف منظر پر سیاست دان ہی ہوتے ہیں اور ساری ذمہ داری بھی ان پر عائد کر دی جاتی ہے۔ سیاست دانوں کو ابھی تک شعور آیا ہے اور نہ ہی اِس کھیل کے پس پردہ کرداروں نے کوئی ہوش کے ناخن لئے ہیں۔ ماضی کے سارے منظر نامے کو بھول کر آپ حالیہ نظر بندی پر نظر ڈالیں، اس وقت حزبِ اقتدار اور حزبِ اختلاف کی تقسیم اتنی واضح ہے کہ کوئی ابہام موجود نہیں۔

SPORTS سپورٹس

پاکستان کو بھارت سے 2011 کے سیمی فائنل میں شکست کا بدلہ لینا ہے''

چاہتا ہوں دو روایتی حریفوں پاکستان اور بھارت کا فائنل ہو، شعیب اختر

لاہور (یو این پی) راولپنڈی ایکسپریس شعیب اختر کا کہنا ہے کہ پاکستان کو بھارت سے 2011 کے سیمی فائنل میں شکست کا بدلہ لینا ہے۔ قومی کرکٹ ٹیم کے سابق فاسٹ بولر شعیب اختر نے بھارتی نیوز چینل اسپورٹس تک کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ بطور فین میں دو روایتی حریفوں پاکستان اور بھارت کا فائنل دیکھنا چاہتا ہوں اور یہ بھی کہ پاکستانی ٹیم ہندوستان سے 2011 کے سیمی فائنل میں شکست کا بدلہ لے۔ ایشیا کپ اور ورلڈ کپ کے معاملے پر پاک بھارت تنازعات پر شعیب اختر نے جواب دیا کہ دونوں بورڈز اپنی حکومتوں کے بغیر کچھ نہیں کر سکتے، بھارتی حکومت سے پوچھے بغیر بی سی سی آئی کوئی فیصلہ نہیں کر سکتا اور نہ ہماری حکومت سے پوچھے بغیر پی سی بی کوئی اقدام اُٹھا سکتا ہے۔

ون ڈے ورلڈ کپ، بھارت گرین شرٹس کو ویزے دینے پر آمادہ

میگا ایونٹ 5 اکتوبر سے 19 نومبر تک شیڈول، میزبانی کے لیے 11 شہر شارٹ لسٹ

کراچی (یو این پی) ون ڈے ورلڈ کپ کے لیے بھارت نے پاکستانی کرکٹرز کو ویزے دینے پر آمادگی ظاہر کر دی۔ آئی سی سی ایونٹس کے شیڈول کا اعلان ایک برس قبل کر دیا جاتا ہے لیکن اس بار بھارتی بورڈ کو اپنی حکومت سے ضروری کلیئرنس درکار ہے، اس میں 2 مسئلے حل طلب ہیں، آئی سی سی اور بھارتی حکومت میں ٹیکس استثنٰی کا معاملہ ابھی طے ہونا ہے، اس کے ساتھ پاکستانی ٹیم کے بھارتی ویزوں پر بھی پیش رفت ہونا تھی۔ گرین شرٹس 2013 کے بعد سے کسی آئی سی سی ایونٹس میں شرکت کیلیے بھارت نہیں جاسکے، گزشتہ ہفتے آئی سی سی کے سہ ماہی اجلاس میں بھارتی بورڈ نے ورلڈ گورننگ باڈی کو پاکستانی دستے کے ویزوں کو اپنی حکومت سے کلیئر کرانے کی یقین دہانی کرا دی۔ ٹیکس رعایت پر بی سی سی آئی جلد اپنی حکومت کی اصل صورتحال سے متعلق آئی سی سی کو آگاہ کرے گا، بھارتی بورڈ اور آئی سی سی کے درمیان 2014 میں میزبانی معاہدہ سائن ہو چکا ہے۔ بھارت کو 3 ایونٹس کی میزبانی سونپی گئی تھی، معاہدے کی رو سے وہ ٹیکس ختم کرانے میں کونسل کی مدد کا پابند ہے، گذشتہ برس آئی سی سی کو مطلع کیا گیا تھا کہ بھارتی حکام ان سے 20 فیصد ٹیکس وصول کریں گے۔ 10 ٹیموں کے درمیان شیڈول ایک روزہ کرکٹ کے عالمی میلے کیلیے میزبان بھارتی بورڈ نے تیاریوں کو حتمی شکل دینا شروع کر دی ہیں، ایونٹ 5 اکتوبر سے 19 نومبر تک ہوگا۔

افغانستان سے سیریز، عباس آفریدی کو منتخب نہ کیے جانے پر مدثر نذر حیران

عبدالرزاق کے بعد پاکستان کو ابھی تک حقیقی آل راؤنڈر نہیں ملا، سابق ٹیسٹ کرکٹر

لاہور (یو این پی) سابق ٹیسٹ کرکٹر مدثر نذر عباس آفریدی کو افغانستان سے سیریز میں منتخب نہ کیے جانے پر حیران ہیں۔ سابق ٹیسٹ کرکٹر مدثر نذر نے کہا ہے کہ عمدہ پرفارمنس کے بعد بھی عباس آفریدی کو منتخب نہ کیے جانے پر حیران ہوں، عبدالرزاق کے بعد پاکستان کو ابھی تک حقیقی آل راؤنڈر نہیں ملا۔ انہوں نے کہا کہ عباس آفریدی نہ صرف 140 سے زیادہ کی رفتار سے بولنگ کرنے بلکہ پاور ہٹنگ کی بھی صلاحیت رکھتے ہیں، اگر توجہ دی جائے تو وہ عبدالرزاق کی طرح نام بنا سکتے ہیں، نظر انداز کرنے کے بجائے ان کو حوصلہ افزائی کی ضرورت ہے۔ واضح رہے کہ پی ایس ایل 8 میں عباس آفریدی نے سب سے زیادہ 23 شکار کیے مگر افغانستان سے شارجہ میں ٹی ٹوئنٹی سیریز کیلیے جہاں کئی نوجوان کرکٹرز کو منتخب کیا گیا وہیں پیسر نظر انداز ہو گئے۔ دوسری جانب لاہور میں پریس کانفرنس میں عبوری ہیڈ کوچ عبدالرحمان نے کہا کہ عباس آفریدی کی کارکردگی سب کی نظروں۔

شعیب افضل ملک پنجاب نیٹ بال ایسوسی ایشن کے صدر اور عبدالرحمٰن سیکرٹری منتخب ہوگئے

اسلام آباد (یو این پی) شعیب افضل ملک پنجاب نیٹ بال ایسوسی ایشن کے صدر اور عبدالرحمٰن سیکرٹری منتخب ہوگئے۔ پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کی ایک پریس ریلیز کے مطابق پنجاب نیٹ بال ایسوسی ایشن کے نئے عہدیداروں کا انتخاب آئندہ چار سال کیلئے کیا گیا۔ پنجاب نیٹ بال ایسوسی ایشن کے نئے عہدیداروں میں صدر شعیب افضل ملک، سینئر نائب صدر حمزہ احمد ملک، نائب صدر عثمان پراچہ، جنرل سیکرٹری عبدالرحمٰن، ایسوسی ایٹ سیکرٹریز مقدس اور صمد کو منتخب کیا گیا اس کے علاوہ مجلس عاملہ کے اراکین میں محمد عرفان، فیروزہ اسلم اور عبدالوہاب شامل ہیں۔

ون ڈے ورلڈ کپ؛ ممکنہ تاریخوں اور وینیوز کو شارٹ لسٹ کر لیا گیا، نام سامنے آ گئے

ممبئی (یو این پی) بھارت میں شیڈول 2023 کے ون ڈے ورلڈ کپ کی ممکنہ تاریخوں اور وینیوز کو شارٹ لسٹ کر لیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق بھارت کی میزبانی میں کھیلے جانے والے آئی سی سی ون ڈے ورلڈ کپ کا ممکنہ طور پر آغاز 5 اکتوبر سے ہوگا جبکہ ایونٹ کا فائنل 19 نومبر کو کھیلا جائے گا۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) کی جانب سے جن وینیوز کو شارٹ لسٹ کیا ان میں بنگلورو، چنئی، دہلی، دھرم شالہ، گوہاٹی، حیدرآباد، کولکتہ، لکھنؤ، اندور، راجکوٹ، ممبئی اور احمد آباد شامل ہیں۔ ٹورنامنٹ میں 46 دنوں کے دوران 48 میچز کھیلے جائیں گے جبکہ فائنل دنیا کے سب سے بڑے نریندر مودی اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ آئی سی سی ورلڈ کپ کے شیڈول کا اعلان ایک سال قبل کیا جاتا ہے تاہم بھارتی کرکٹ بورڈ کو حکومت سے منظوری ملنے کا انتظار ہے، جس میں دو اہم مسائل ٹورنامنٹ کے لیے ٹیکس سے چھوٹ حاصل کرنا اور پاکستان کرکٹ ٹیم کیلئے ویزا کلیئرنس ہے۔ آئی سی سی قوانین کے مطابق کسی بھی ایونٹ کے میزبان ملک کو حکومت سے ٹیکس میں چھوٹ لینا ہوتی ہے۔

کیون ڈی بروئن بیلجیم کی فٹ بال ٹیم کے نئے کپتان بن گئے

قومی فیڈریشن آر بی ایف اے نے کیون ڈی بروئن کی کپتانی کی تصدیق کر دی ہے

برسلز (سپورٹس نیوز) مانچسٹر سٹی کے مڈفیلڈر اور مایہ ناز فٹ بالر کیون ڈی بروئن کو بیلجیم کی فٹ بال ٹیم کا نیا کپتان مقرر کر دیا گیا ہے۔ کیون ڈی بروئن ایڈن ہیزرڈ کی جگہ بیلجیم کی فٹ بال ٹیم کی قیادت کی ذمہ داریاں نبھائیں گے، ایڈن ہیزرڈ نے گزشتہ سال فٹ بال ورلڈ کپ کے بعد قومی ٹیم سے ریٹائرمنٹ لے لی تھی۔ قومی فیڈریشن آر بی ایف اے نے کیون ڈی بروئن کی کپتانی کی تصدیق کر دی ہے، بحیثیت کپتان کیون ڈی بروئن کی پہلی اسائنمنٹ جمعہ کو سویڈن میں یورو 2024 کوالیفائر میچ ہوگی۔

رمضان المبارک ٹین پن باؤلنگ کپ ٹورنامنٹ آئندہ ماہ اپریل میں ہوگا۔ اعجاز الرحمان

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے زیراہتمام ایک روزہ رمضان المبارک ٹین پن باؤلنگ کپ ٹورنامنٹ آئندہ ماہ اپریل میں لیزر سٹی باؤلنگ کلب، جناح پارک، راولپنڈی میں ہوگا۔ گزشتہ روز پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمان نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں اور یہ ٹورنامنٹ کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ کی خصوصی ہدایت پر منعقد کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹورنامنٹ میں شرکت کی۔

پاکستان تھروبال فیڈریشن زیراہتمام ملک بھر میں پاکستان ڈے کے موقع پر تھروبال نمائشی مقابلے (آج) کھیلے جائیں گے

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان تھروبال فیڈریشن زیراہتمام ملک بھر میں پاکستان ڈے کے موقع پر تھروبال نمائشی مقابلے (آج) جمعرات کو کھیلے جائیں گے۔ پاکستان تھروبال فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل مقبول آرائیں نے بتایا کہ نمائشی میچز کے حوالے سے تمام منسلک اداروں اور ایسوسی ایشنز کو ہدایات جاری کر دی گئیں ہیں۔

ایشیا کپ پی سی بی کیلیے گلے کی ہڈی بن گیا

اگلے میزبان سے میزبانی کے تبادلے پر غور، یو اے ای یا سری لنکا منتقلی ممکن

کراچی (یو این پی) ایشیا کپ پی سی بی کیلیے گلے کی ہڈی بن گیا جب کہ بھارتی ٹیم کے نہ آنے پر ایونٹ کی اہمیت کم ہونے کا خدشہ ستانے لگا۔ ایشیا کپ کا انعقاد ستمبر میں ہونا ہے، البتہ بھارت اپنی ٹیم کو پاکستان بھیجنے سے واضح انکار کر چکا، پی سی بی نے بھی سخت ردعمل دیتے ہوئے جواب میں اکتوبر میں شیڈول ورلڈ کپ کیلیے اسکواڈ بھارت بھیجنے سے انکار کا عندیہ دیا تھا۔ ذرائع کے مطابق دبئی میں ایشین کرکٹ کونسل اور آئی سی سی کی میٹنگز میں یہ معاملات زیرغور آئے، اس کے علاوہ بھی چیئرمین مینجمنٹ کمیٹی نجم سیٹھی کی بھارتی، سری لنکن، بنگلہ دیشی و اماراتی حکام سے الگ ملاقاتیں ہوئیں، اس دوران مختلف آپشنز پر تبادلہ خیال ہوا۔ پاکستانی حکام بخوبی جانتے ہیں کہ بھارتی ٹیم کے آنے کا ایک فیصد بھی امکان نہیں ہے، اس کے بغیر ایونٹ کرایا تو براڈکاسٹ و دیگر مد میں آمدنی نہیں ہوگی۔ تند و تیز بیانات کی وجہ سے اب پیچھے ہٹنا بھی آسان نہیں، اس لیے کوئی ایسا حل تلاش کرنے کی کوشش ہو رہی ہے۔

SHOWBIZ شوبز

مجھے کیریئر کے شروع سے ہی بہت اکرام ملتا ہے، سارہ علی خان

ہوسکتا ہے جھانوی کا مطلب ہو کہ بطور اداکارہ انہیں ابھی تک خود کو منوانا باقی ہے، اداکارہ

ممبئی (یو این پی) بالی ووڈ کی خوبرو اداکارہ سارہ علی خان کا کہنا ہے کہ ایسا بالکل محسوس نہیں ہوتا کہ مجھے کم عزت ملتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے کیریئر کے شروع سے ہی بہت اکرام ملتا ہے۔ ایک حالیہ انٹرویو میں سارہ سے پوچھا گیا تھا کہ جھانوی کی طرح آپ بھی ایسا سمجھتی ہیں کہ آپ کو انڈسٹری میں وہ مقام نہیں ملا جھانوی کپور کے مطابق انہیں اب تک مرتبہ نہیں ملا لیکن فلم کی پیشکش بہت ہوتی ہیں۔ سارہ نے کہا کہ ہوسکتا ہے جھانوی کا مطلب ہو کہ بطور اداکارہ انہیں ابھی تک خود کو منوانا باقی ہے۔ ا

سلمان خان کی فلم 'کسی کا بھائی، کسی کی جان' کا نیا گانا ریلیز

سلمان خان نے نئے گانے کا ٹیزر اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر پوسٹ کیا ہے

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان نے اپنی نئی فلم کسی کا بھائی، کسی کی جان کا نیا گانا ریلیز کر دیا گیا۔ فلم کسی کا بھائی، کسی کی جان کے دو گانے نیو لگدا اور بلی بلی پہلے ہی ریلیز ہو کر مداحوں میں مقبول ہو چکے ہیں، جی رہے تھے ہم کے عنوان سے جاری گانے میں دبنگ خان بالی ووڈ ایکشن فلم میٹرکس والے ایکشن میں نظر آتے ہیں۔ سلمان خان نے نئے گانے کا ٹیزر اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر پوسٹ کیا ہے اور اسے عنوان دیا ہے محبت میں مبتلا ہونا گانے کے ٹیزر میں راگھو جویل، سدھارتھ نگم اور جیسی گل کی جھلک بھی نظر آتی ہے۔ فرہاد سمجی کی ہدایت کاری میں بننے والی فلم عید الفطر کے موقع پر پوری دنیا میں ریلیز کیلئے پیش کی جائے گی۔

سجاد علی کے سر بھارتی گلوکارہ شریا گھوشل کے دل کو بھی چھو گئے

پوسٹ کے ساتھ پردیس گانے کی میوزک وڈیو کا سکرین شاٹ بھی شیئر کیا ہے۔

ممبئی (شوبز نیوز) سجاد علی کے سر بھارتی گلوکارہ شریا گھوشل کے دل کو بھی چھو گئے، گلوکارہ نے پاکستانی گلوکار کو نئے گانے پر دل کھول کر داد دی۔ شریا گھوشل نے سوشل میڈیا ویڈیو شیئرنگ ایپلی کیشن انسٹاگرام کی پوسٹ میں سجاد علی کی نئی البم آتش کے گانے پردیس کو متاثر کن قرار دیا ہے۔ انہوں نے لکھا کہ سجاد علی بے مثال ہے، میں اس گانے کو لوپ پر سن رہی ہوں، ایک لمبے عرصے بعد کسی گانے نے میرے دل کی گہرائیوں تک اثر ڈالا ہے۔ انڈین گلوکارہ نے پوسٹ کے ساتھ پردیس گانے کی میوزک وڈیو کا سکرین شاٹ بھی شیئر کیا ہے۔ یہ پہلی مرتبہ کسی انڈین فنکار کی طرف سے سجاد علی کی مدح سرائی نہیں کی گئی ہے بلکہ اس سے قبل 2020 میں ایک لائیو کنسرٹ کے دوران سونو نگم نے سجاد علی کو سب سے محترم گلوکار اور موسیقار قرار دیا تھا۔ سجاد علی کے سر بھارتی گلوکارہ شریا گھوشل کے دل کو بھی چھو گئے، گلوکارہ نے پاکستانی گلوکار کو نئے گانے پر دل کھول کر داد دی۔ شریا گھوشل نے سوشل میڈیا ویڈیو شیئرنگ ایپلی کیشن انسٹاگرام کی پوسٹ میں سجاد علی کی نئی البم آتش کے گانے پردیس کو متاثر کن قرار دیا ہے۔ انہوں نے لکھا کہ سجاد علی بے مثال ہے۔

زیبا بختیار کو مستقبل میں پاکستانی فلموں کی عالمی کامیابی کا یقین

کراچی (یو این پی) اداکارہ زیبا بختیار نے کہا ہے کہ آنیوالا وقت پاکستانی فلم انڈسٹری کیلئے بہترین ثابت ہوگا، وہ وقت دور نہیں جب پاکستانی فلمیں پوری دنیا میں اپنی شناخت بنائیں گی، نوجوان فلم میکر اور ہنر مند بھرپور جذبے اور محنت سے کام کر رہے ہیں۔ زیبا بختیار نے ایک انٹرویو میں کہا کہ رواں سال ریلیز ہونیوالی فلموں نے کامیابیاں سمیٹ کر فنکاروں اور فلمسازوں کی حوصلہ افزائی کی۔ میری خواہش ہے کہ آنیوالی فلموں کو بھی کامیابی ملے تا کہ مزید لوگ فلم انڈسٹری کی ترقی کے سفر میں شامل ہو کر اپنا بھرپور کردار ادا کر سکیں۔

ہمیشہ میوزک کے ذریعے ملکی ثقافت کو نمایاں کرتی ہوں: کومل رضوی

کراچی (یو این پی) گلوکارہ کومل رضوی نے کہا کہ کلاسیکل اور پاپ میوزک کے جدید دور میں بھی پاکستانی عوام ہمیشہ اچھا میوزک سننے کیلئے بے چین رہتے ہیں، میں ہمیشہ اپنے میوزک کے ذریعے اپنے ملک کی ثقافت کو نمایاں کرتی ہوں اگر موجودہ دور کی مناسبت سے میوزک کو تیار کیا جائے تو آج بھی لوگ ہمیشہ اچھا میوزک سننے کیلئے بیتاب رہتے ہیں، میں نے ہمیشہ یہ کوشش کی ہے کہ ایسے گیت تیار کروں جن میں ہمارے کلچر اور ثقافت کا رنگ نمایاں ہو۔ گلوکارہ کومل رضوی نے کہا کہ کلاسیکل اور پاپ میوزک کے جدید دور میں بھی پاکستانی عوام ہمیشہ اچھا میوزک سننے کیلئے بے چین رہتے ہیں۔

میشا شفیع اور حسن منہاج کی فلم 'موسیٹچ' کی عالمی سطح پر پذیرائی

اداکارہ میشا شفیع اور اداکار حسن منہاج کی فلم 'موسیٹچ' نے بین الاقوامی ایوارڈ اپنے نام کر لیا

کراچی (یو این پی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف گلوکارہ و اداکارہ میشا شفیع اور اداکار حسن منہاج کی فلم 'موسیٹچ' نے بین الاقوامی ایوارڈ اپنے نام کر لیا۔ فلم 'موسیٹچ' ممتاز ساؤتھ بائے ساؤتھ ویسٹ فیسٹیول میں 'نیریٹیو فیچر کومیڈیشن' کیٹیگری میں 'آڈیئنس ایوارڈ' اپنے نام کیا ہے۔ فلم کے ہدایتکار عمران جے خان نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر تمام شائقین کا فلم کو پسند کرنے کے لیے شکریہ ادا کیا۔ دوسری جانب، اس فلم کی ٹیم کے ممبر رضوان منجی نے بھی اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر فلم کی شاندار پذیرائی پر خوشی کا اظہار کیا۔ واضح رہے کہ رواں برس جنوری میں میشا شفیع نے فلم 'موسیٹچ' سے اپنی پہلی تصویر شیئر کی تھی۔ اس تصویر میں اُنہیں لانگ کوٹ کے ساتھ سر پر اسکارف پہنے ہوئے کافی سنجیدہ انداز میں دیکھا جا سکتا ہے۔

سامنتھا پرابھو کی بلیک اینڈ وائٹ تصاویر مداحوں کو بھا گئیں

سامنتھا کی نئی فلم 'شکنتلام' رواں سال 14 اپریل کو ریلیز ہوگی

ممبئی (یو این پی) سامنتھا پرابھو کی نئی فلم 'شکنتلام' جلد ہی سینما گھروں کی زینت بنے گی۔ اداکارہ نے انسٹاگرام پر اپنی نئی تصاویر شیئر کیں جسے مداح بیحد پسند کر رہے ہیں۔ انہوں نے سفید ریشمی لباس پہنا اور سیاہ بیک گراؤنڈ پر بلیک اینڈ وائٹ تصاویر بنوائیں۔ مداحوں نے کمنٹس سیکشن میں تصاویر کیلئے پسندیدگی کا اظہار کیا۔ 10 گھنٹے میں 19 لاکھ 14 ہزار سے زائد پرستاروں نے سامنتھا کی تصویر کو لائیک کیا۔ خیال رہے کہ ان کی نئی فلم 'شکنتلام' رواں سال 14 اپریل کو ریلیز ہوگی، اس میں دیو موہن، مدھو، موہن بابو، گوتمی اور دیگر اداکار شامل ہیں۔ سامنتھا پرابھو کی نئی فلم 'شکنتلام' جلد ہی سینما گھروں کی زینت بنے گی۔ اداکارہ نے انسٹاگرام پر اپنی نئی تصاویر شیئر کیں جسے مداح بیحد پسند کر رہے ہیں۔ انہوں نے سفید ریشمی لباس پہنا اور سیاہ بیک گراؤنڈ پر بلیک اینڈ وائٹ تصاویر بنوائیں۔ مداحوں نے کمنٹس سیکشن میں تصاویر کیلئے پسندیدگی کا اظہار کیا۔ 10 گھنٹے میں 19 لاکھ 14 ہزار سے زائد پرستاروں نے سامنتھا کی تصویر کو لائیک کیا۔ خیال رہے کہ ان کی نئی فلم 'شکنتلام' رواں سال 14 اپریل کو ریلیز ہوگی۔

بقیہ 1

، پاکستان کی ترقی کے دشمنوں کو شکست ہوگی، کل ہی پاک فوج کے افسران شہید ہوئے ہیں، اگر ہم ان دہشت گردوں کو پناہ دیں اور ڈھال بنائیں تو یہ ناقابل برداشت ہے جس کی اجازت نہیں دی جائے گی، ملک میں دہشت گردوں کو کوئی پناہ نہیں دے سکتا۔ شہباز شریف نے کہا کہ بدقسمتی سے 4 سال سے تھر میں اور ٹرانسمشن لائنز پر رتی برابر کام نہیں ہوا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سی پیک کا اگلا مرحلہ زراعت، ٹیکنالوجی اور اکنامک زونز ہیں، اتحادی حکومت سی پیک کو ترقی کا حصہ سمجھتی ہے، کراچی کما شہر کے طور پر جانا جاتا ہے۔

بقیہ 2

نے ایک ہی مرتبہ 4 فیصد اضافے سے انکار کیا تھا۔ پاکستان نے 2 قسطوں میں شرح سود مہنگائی کیحساب سے متعین کرنیکی یقین دہانی کرائی تھی۔ آئی ایم ایف نے نشاندہی کی تھی کہ پاکستان میں شرح سود مہنگائی کے حساب سے کم ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے شرح سود میں کم از کم 2 فیصد اضافے کے لئے دباؤ ڈالا ہے۔ ذرائع کے مطابق اسٹیٹ بینک شیڈول سے قبل ہی 4 اپریل کو مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس بلائے گا جس میں شرح سود کا جائزہ لیا جائے گا۔ آئی ایم ایف قرض پروگرام بحال کرنے کیلئے شرح سود مزید 2 فیصد بڑھنے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان نے آئی ایم ایف سے 4 مرتبہ ایم ای ایف پی پر اتفاق کیا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان کا آئی ایم ایف کے ساتھ اسٹاف لیول معاہدہ 9 فروری کو ہونا تھا

بقیہ 3

جمہوری جدوجہد کے ذریعے ممکن کر دکھایا۔ مسلمانان ہند نے نظریہ پاکستان کو بنیاد بنا کر حضرت قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں 14 اگست 1947 کو پاکستان کا قیام عمل میں آیا۔ برصغیر کے مسلمانوں کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے جب انہوں نے اپنے لیے ایک علیحدہ مملکت کے قیام کی بنیاد رکھی اس تمام جدوجہد میں کشمیری قیادت بھی پیش پیش رہی۔ کشمیری قیادت نے لاہور جلسے میں شرکت کر کے پاکستان اور کشمیری عوام کے درمیان لازوال رشتے کی بنیاد رکھی۔ 23 مارچ یوم پاکستان کے حوالے سے اپنے خصوصی پیغام میں وزیراعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ قرارداد پاکستان ہمیں اجتماعیت کا درس دیتی ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں جاری تحریک دراصل تحریک تکمیل پاکستان ہے جسکو کشمیریوں نے اپنے خون سے زندہ رکھا ہوا ہے، کشمیری بائی چوائس پاکستانی ہیں اور پاکستان کو اپنی آرزوں اور امیدوں کا مرکز سمجھتے ہیں۔ 23 مارچ 1940 کو خطہ پونچھ کے عظیم لیڈر غلام حیدر جنڈالوی نے لاہور جلسے میں کشمیریوں کی نمائندگی کی جس کے تسلسل میں 19 جولائی 1947 کو کشمیری عوام نے الحاق پاکستان کی عظیم قرارداد منظور کی۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں نے نہ صرف قیام پاکستان کی جدوجہد میں مسلمانان ہند کے ساتھ حصہ لیا بلکہ خود کو بھی قیام پاکستان سے قبل ہی پاکستان سے وابستہ کر دیا تھا، کشمیریوں نے 14 اگست 1947 قیام پاکستان سے قبل ہی پاکستان کے ساتھ جموں وکشمیر کے الحاق کا فیصلہ کر لیا تھا۔ دنیا میں پاکستان سے زیادہ کشمیریوں کا کوئی ہمدرد نہیں۔ انشاءاللہ کشمیریوں کی قربانیاں رنگ لائیں گی اور پاکستان کی تکمیل الحاق کشمیر کے ذریعے ہو کر رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سات دہائیوں سے جموں کشمیر کے لوگ اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر رہے ہیں جب تک مقبوضہ کشمیر کے لوگوں کو ان کا بنیادی حق خودارادیت مل نہیں جاتا ہم چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ کشمیری اس وقت تک اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے جب تک وہ مقبوضہ کشمیر کو آزاد کروا کر پاکستان کے ساتھ پوری ریاست کا الحاق نہیں کر لیتے۔ وزیراعظم آزاد کشمیر نے کہا کہ قیام پاکستان سے جموں وکشمیر کے عوام کی جدوجہد کو ایک نئی تحریک اور ایک نیا ولولہ ملا۔ کشمیر اور پاکستان نظریاتی، جغرافیائی، تاریخی رشتوں، ثقافتی اور مذہبی اعتبار سے ایک ہی ہیں جنہیں دنیا کی کوئی طاقت جدا نہیں کر سکتی۔

بقیہ 4

بلتستان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے خصوصی ہدایات جاری کر رکھی ہیں انہوں نے کہا کہ حالیہ دنوں میں گلگت بلتستان میں گندم کی شارٹیج کو دور کرنے کے لیے وزارت امور کشمیر نے 2.6 ارب روپے کی لاگت سے 26 ہزار میٹرک ٹن سے زائد گندم فراہم کرنے کی سمری ای سی سی میں پیش کی تا کہ گلگت بلتستان کے عوام کو رمضان کے بابرکت مہینے میں گندم کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے، انہوں نے کہا کہ وزارت امور کشمیر و گلگت بلتستان کی اس سمری کا جائزہ لیتے ہوئے ای سی سی نے 2.9 ارب روپے کی لاگت سے گلگت بلتستان کو 25 ہزار میٹرک ٹن گندم کی فوری فراہمی کی حتمی منظوری دی ہے، مشیر امور کشمیر نے کہا کہ وزارت نے نہ صرف اس سمری کی منظوری میں متحرک کردار ادا کیا بلکہ گلگت بلتستان کے عوام کو گندم کی بروقت فراہمی کے لیے وزارت خزانہ سے بھی رابطہ کیا اور وزارت کی کوششوں سے وزارت خزانہ نے پاسکو کو ہدایات جاری کر دی ہیں کہ گلگت بلتستان کے محکمہ خوراک کو 25 ہزار میٹرک ٹن گندم کی فراہمی کے لیے فوری اقدامات اٹھائے جائیں، انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کا حل ان کے فرائض منصبی میں شامل ہے اور وہ اس سلسلے میں اپنی ہر ممکن کوشش جاری رکھیں گے۔

بقیہ 5

متعلق کیس کی سماعت ہوئی، عدالت نے غلام محمود ڈوگر کے تبادلے کیخلاف اپیل خارج کر دی۔ چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال نے دوران سماعت ریمارکس دیئے کہ سروسز ٹربیونل کے ایک بینچ نے غلام محمود ڈوگر کو بحال کیا، سروس ٹربیونل کے دوسرے بینچ نے بحالی کا فیصلہ معطل کر دیا۔ بیوروکریسی میں تبادلوں کی منظوری کے بعد آپکا معاملہ ویسے بھی غیر موثر ہو چکا ہے۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ بعض اوقات سپریم کورٹ کی باتوں کو غلط سمجھا جاتا ہے، ہم نے ایک کیس میں کہا کہ 1988 میں ایک ایماندار وزیراعظم تھا۔ ایماندار وزیراعظم سے متعلق بات کو پارلیمنٹ نے غلط سمجھا، ہم نے یہ نہیں کہا کہ آج تک صرف ایک ہی ایماندار وزیراعظم آیا۔ ہم نے آئینی اداروں کو اپنے فیصلوں میں تحفظ دیا ہے، عدلیہ پر بھی حملے ہو رہے ہیں جس کا بھی تحفظ کریں گے۔ چیف جسٹس نے قرار دیا کہ الیکشن کمیشن آئینی ادارہ ہے جسے ہم تحفظ فراہم کریں گے، الیکشن کمیشن کو آئین کے تحت اختیارات حاصل ہیں۔ اگر شفاف انتخابات میں بدنیتی ہوگی تو ہم جائزہ لیں گے۔ سپریم کورٹ میں آڈیو اور ویڈیو لیک کا بھی تذکرہ کیا، چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ سپریم کورٹ آئینی ادارہ ہے جسے آڈیو ٹیپس کے ذریعے بدنام کیا جا رہا ہے، ہم صبر اور درگزر سے کام لے کر آئینی ادارے کا تحفظ کریں گے۔ آئینی اداروں کو بدنام کرنے والی ان آڈیو ٹیپس کی کوئی اہمیت نہیں، ڈیموکریٹک پراسس فیئر ہونا چاہیے۔

بقیہ 6

سرگودھا ایک قابل فخر تاریخ اور اعلیٰ میراث کا حامل ہے۔ یہ کالج بہترین پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے حامل افراد کی نرسری رہی ہے جو کہ دیانتداری، خلوص اور خدمت جیسی اعلیٰ اقدار کے ساتھ ساتھ خود سے بڑھ کر فرض سے لگن کے جذبے سے سرشار تھے۔ اس درسگاہ کو پاک فضائیہ کے عالمی شہرت یافتہ فضائی جنگجو پیدا کرنے کا اعزاز بھی حاصل ہے۔ "انہوں نے طلبا کو نصیحت کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے کندھوں پر ڈالی گئی عظیم ذمہ داری کا پاس رکھیں اور انہیں اس شاندار پیشے پر فخر ہونا چاہیے جس میں وہ شامل ہونے کے خواہشمند ہیں۔ سربراہ پاک فضائیہ نے مزید کہا کہ تیزی سے تغیر پذیر اور غیر مستحکم قومی سلامتی کا ماحول ایسی تربیت یافتہ تکنیکی افرادی قوت کا متقاضی ہے جو اس ٹیکنالوجی سے بھرپور ماحول کا مقابلہ کر سکے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے پہلے ہی کالج کے تربیتی نظام کو ازسرنو ترتیب دیا جا چکا ہے۔ انہوں نے بچوں کی کامیابی پر انکے والدین کو بھی مبارکباد دی اور بہترین کارکردگی پر اساتذہ کی کاوشوں کو سراہا۔ مہمان خصوصی نے جیتنے والے ہاسز میں انعامات تقسیم کیئے۔ کھیل کے میدان میں بہترین کارکردگی پر چک ویل شیلڈ اقبال ہاس نے اپنے نام کی۔ ہم نصابی سرگرمیوں میں بہترین کارکردگی پر جنرل سروس ٹریننگ کپ عالم ہاس نے جیتا جبکہ چیف آف دی ایئر اسٹاف اکیڈمکس ٹرافی منیر ہاس نے جیتی۔ اقبال ہاس نے مجموعی طور پر چیمپئن ہاس آف دی ایئر کا اعزاز حاصل کیا اور قائداعظم شیلڈ جیت لی۔ قبل ازیں ایئر وائس مارشل) ریٹائرڈ (آصف مقصود، پرنسپل پی اے ایف کالج، سرگودھا نے کالج کی سالانہ رپورٹ پیش کی۔ اس موقع پر حاضر سروس اور ریٹائرڈ دفاعی اہلکاروں سمیت ریٹائرڈ اساتذہ، سینئر بیوروکریٹس اور پری کیڈٹس کے والدین کی بڑی تعداد موجود تھی۔ (ترجمان پاک فضائیہ)

بقیہ 7

مارچ کو زکوٰۃ کٹوتی کے باعث بینکوں میں صارفین سے لین دین نہیں ہوگا، سٹیٹ بینک نے سرکلر جاری کر دیا۔ ہفتہ کے روز اکثر بینک ہفتہ وار تعطیل کی وجہ سے پہلے ہی بند ہوتے ہیں اور انتہائی محدود برانچز صارفین کیلئے کھلی ہوتی ہیں جبکہ اتوار کو تمام بینک ہفتہ وار تعطیل پر بند رہیں گے۔ خیال رہے کہ یکم رمضان کو بینکوں میں زکوٰۃ کٹوتی ہوتی ہے، رواں برس زکوٰۃ نصاب 1 لاکھ 3 ہزار 159 روپے مقرر کیا گیا ہے، زکوٰۃ کٹوتی کرنٹ اکاؤنٹ میں موجود رقم سے نہیں ہوگی، سیونگ اکاؤنٹ سے اڑھائی فیصد کٹوتی کی جائے گی۔

بقیہ 8

ایمان اور عمل کے تحفظ کیلئے پاکستان حاصل کیا ہے۔ تاریخی دن مسلمانوں نے فرنگی راج کی سیاسی آمریت اور ہندوؤں کی متحدہ قومیت کے مکارانہ جال کو تار تار کر دیا تھا۔ نظریہ اسلام کے تحت الگ وطن کے حصول کیلئے لاکھوں مسلمانوں نے قربانیاں اس لئے نہیں دی تھیں کہ دور حاضر کے لادین عناصر ملک کو سیکولر اسٹیٹ بنانے کی کوشش کریں، قائداعظم کا تصور پاکستان کا جدید اسلامی، فلاحی، جمہوری مملکت کا قیام تھا، تاکہ اسے اسلام کی تجربہ گاہ بنا کر دنیا کو اسلام کی صحیح تصویر دکھا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ آج ملک میں مذہبی لوگوں کو سیاسی قوت بننے اور جمہوری راستے سے اقتدار میں آنے سے روکا جا رہا ہے۔ تمام متعصبانہ قوتوں کو خبردار کرنا چاہتا ہوں اب گھر بیٹھ جائیں۔ دنیا کی کوئی طاقت ہمیں غلام نہیں بنا سکتی۔ وقت کے آمروں نے پاکستان کے وقار کو غیروں کے ہاتھ بیچا، ہم آئین وقانون کی پاسداری کرتے ہیں۔ لیکن ہمیں اس آئین وقانون سے اسلامی نظام کب ملے گا۔ حافظ سعد رضوی کا مزید کہنا تھا کہ معاشرے میں مذہبی منافرت پیدا کی جاتی ہے تاکہ مذہبی قوتوں کو سیاسی طور پر پیچھے دھکیلا جا سکے۔ ملک فیصلہ کن مرحلے سے گزر رہا ہے اب کسی کی نہیں پاکستان کی ترقی وخوشحالی کی باری آنی چاہیے۔ آئندہ کے حکمرانوں کا فیصلہ عوام نے کرنا ہے اور عوامی فیصلہ کیلئے عام انتخابات کا بروقت ہونا ضروری ہے

بقیہ 9

منصوبے نے پسماندہ کمیونٹی کو سکون اور انسانی امداد فراہم کرنے کے لیے مقامی لوگوں کی جانب سے بے پناہ تعریف حاصل کی ہے۔

بقیہ 10

بڑھانے کی نشاندہی کی تھی۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق پاکستان نے ایک ہی مرتبہ 4 فیصد اضافے سے انکار کیا تھا۔ پاکستان نے دو قسطوں میں شرح سود مہنگائی کے حساب سے متعین کرنے کی یقین دہانی کرائی تھی، آئی ایم ایف نے مہنگائی کے حساب سے شرح سود مقرر کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ آئی ایم ایف نے نشاندہی کی کہ پاکستان میں شرح سود مہنگائی کے حساب سے کم ہے۔ آئی ایم ایف کا سرح سود میں 2 فیصد اضافے پر دباؤ ہے۔ اسٹیٹ بینک 4 اپریل کو مانیٹری پالیسی کمیٹی کا اجلاس بلائے گا۔ اسٹیٹ بینک 4 اپریل کو مانیٹری پالیسی کمیٹی میں شرح سود کا جائزہ لے گا۔ قبل ازیں وزیر خزانہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے 16 مارچ 2023 کو سینیٹ آف پاکستان کے فلور پر آئی ایم ایف پروگرام میں تاخیر کی وجوہات سے متعلق کہا ان کے بیان کا سیاق وسباق سے ہٹ کر حوالہ دیا جا رہا ہے۔ پیر کو یہاں جاری بیان میں وزیر خزانہ نے کہا ہے کہ پاکستان کے نیوکلیئر پروگرام کے حوالے سے ایک ساتھی سینیٹر کے مخصوص سوال کے جواب میں انہوں نے جو تبصرہ کیا تھا اس میں انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان کو خودمختار ملک ہونے کے ناطے اپنا جوہری پروگرام تیار کرنے کا پورا حق حاصل ہے، کیونکہ کسی بیرونی ڈکٹیشن یعنی ہدایت کے بغیر یہ ہمارے قومی مفادات کے مطابق ہے، جس کو کسی بھی ذریعہ یا طریقہ سے کسی بھی طرح سے آئی ایم ایف کے ساتھ جاری مذاکرات سے نہیں جوڑا جانا چاہیے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ اس ضمن میں وضاحت کی جاتی ہے کہ نہ تو آئی ایم ایف اور نہ ہی کسی دوسرے ملک نے ہماری جوہری صلاحیت کے حوالے سے کوئی شرط عائد کی ہے اور نہ ہی پاکستان سے کوئی مطالبہ کیا ہے اور آئی ایم ایف کے ساتھ سٹاف لیول معاہدے میں تاخیر خالصتاً تکنیکی وجوہات کی بناء پر ہے، جس کی وجہ سے ہم آئی ایم ایف کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں تاکہ اسے جلد از جلد حتمی شکل دی جا سکے۔

بقیہ 11

100 روپے فی لٹر فرق ہوگا۔ ہر 15 دن بعد امیر اور غریب کے پٹرول کے فرق کا اعلان ہوگا۔ ریلیف کے لئے 3 آپشنز زیر غور ہیں، پاس ورڈ کے ذریعے یا کارڈ یا پھر بی آئی ایس پی کے ذریعے ادائیگی زیر بحث ہے۔ پٹرول بلیک سے بچنے کے لیے موٹر سائیکل کی یومیہ حد 2 لٹر مقرر کریں گے۔ مصدق ملک نے کہا کہ گاڑیوں میں سستا پٹرول ایک دن میں 5 لٹر تک ڈلوایا جا سکتا ہے۔ پٹرول ریلیف پر زیرو سبسڈی ہے۔ ڈیزل پر سبسڈی نہ دینے کی تجویز ہے، تاہم حتمی فیصلہ بعد میں کریں گے۔ پبلک ٹرانسپورٹ اور سامان والی گاڑیوں کے حوالے سے سوچ رہے ہیں، تیل کمپنیوں کو پٹرول پیکج کے حوالے سے اعتماد میں لیا گیا، پٹرول پمپوں پر موبائل فون پر یکسنر انسٹال کریں گے۔

بقیہ 12

منعقدہ پروگرام میں شرکت کی۔ اس موقع ان نے ڈائریکٹوریٹ جنرل آف اسپیشل ایجوکیشن کی جانب سے ڈیزائن کردہ آئین کے بریل ورژن کا افتتاح کیا۔ ڈیزائن کردہ آئین کے بریل ورژن کے افتتاح کا مقصد بصارت سے محروم افراد تک رسائی کو ممکن بنانا ہے۔ تقریب میں خصوصی طور پر اہل بچوں کے لیے ڈیکلیمیشن آرٹ اور پینٹنگ کے مقابلے بھی منعقد کیے گئے۔ محترمہ آسیہ عظیم نے مقابلے جیتنے والوں میں انعامات تقسیم کیے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ آسیہ عظیم نے کہا کہ آئین تمام شہریوں کو مساوی حقوق کی فراہمی کی ضمانت دیتا ہے اور پاکستان کی پارلیمنٹ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے تمام شہری ان مواقع سے مستفید ہوں۔ تقریب کے تمام ممبران کی طرف سے سراہا گیا جنہوں نے ایک کامیاب پروگرام کے انعقاد پر ڈائریکٹوریٹ جنرل آف سپیشل ایجوکیشن کو سراہا۔ واضح رہے کہ یہ تقریب آئین کی گولڈن جوبلی تقریب کے سلسلے میں منعقد کی گئی تھی جس کو ملک بھر میں منایا جا رہا ہے۔

بقیہ 13

IMF حکومت کی جانب سے کی منتیں کسی کام نہیں آرہیں، پرویز الٰہی

عمران خان کے دور میں ملک معاشی ترقی کررہا تھا، شہباز شریف اینڈ کمپنی نے ترقی کا سفر روک دیا، سابق وزیراعلیٰ پنجاب

پاکستان کو معاشی بحران سے نکالنے کا دعویٰ کرنے والوں نے آج تک کچھ نہیں کیا، آئی ایم ایف کے ترلے منتیں بھی کسی کام نہیں آرہے ہیں

لاہور (نامہ نگار) سابق وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی سے سابق صوبائی وزراء راجہ محمد بشارت اور میاں محمود الرشید نے ملاقات کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے تحریک انصاف کے مرکزی صدر چودھری پرویز الٰہی نے کہا کہ عمران خان کے دور میں ملک معاشی ترقی کررہا تھا، شہباز شریف اینڈ کمپنی نے ترقی کا سفر روک دیا، نااہل حکمرانوں کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے عالمی دنیا میں پاکستان کی جگ ہنسائی ہورہی ہے، تمام پابندیوں کے باوجود عمران خان کی مقبولیت عالمی میڈیا کی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔ سابق وزیراعلیٰ چودھری پرویز الٰہی نے کہا پاکستان کو معاشی بحران سے نکالنے کا دعویٰ کرنے والوں نے آج تک کچھ نہیں کیا، آئی ایم ایف کے ترلے منتیں بھی کسی کام نہیں آرہے ہیں، پاکستان کی تاریخ میں پہلا رمضان ہے جس میں عوام کو سحر اور افطار کے لالے (بقیہ نمبر 28)

لاہور: حکومت کی جانب سے آئی ایم ایف کی منتیں کسی کام نہیں آرہیں: چودھری پرویز الٰہی

رمضان المبارک میں بلاتعطل گیس فراہمی کیلئے سوئی ناردرن کی جانب سے اہم اقدامات کا اعلان

اہم اقدامات کا اعلان، سوئی ناردرن گیس رمضان المبارک میں گھریلو صارفین کے لیے بلاتعطل گیس فراہمی یقینی بنائے گی

گھریلو صارفین کے لیے خصوصی رات 2:30 سے صبح 6 اور شام 4 سے رات 9 بجے تک بلاتعطل اور پریشر کے ساتھ گیس فراہمی یقینی بنائی جائے گی

لاہور (خصوصی رپورٹر) سوئی ناردرن گیس رمضان المبارک میں گھریلو صارفین کے لیے بلاتعطل گیس فراہمی یقینی بنائے گی۔ اس حوالے سے سحر و افطار کے اوقات میں فل پریشر کے ساتھ گیس سپلائی کے لیے ہنگامی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ سوئی ناردرن گیس کے ترجمان کے مطابق گھریلو صارفین کے لیے خصوصی رات 2:30 سے صبح 6 اور شام 4 سے رات 9 بجے تک بلاتعطل اور پریشر کے ساتھ گیس فراہمی یقینی بنائی جائے گی تاہم ان اوقات کے علاوہ بھی گھریلو صارفین کو گیس فراہمی جاری رہے گی۔ سوئی ناردرن کی جانب سے جاری کردہ بیان میں بتایا گیا ہے کہ سحر و افطار کے اوقات میں گیس پریشر کے (بقیہ نمبر 25)



گوجرانوالہ: مریم نواز کے کاغذات نامزدگی پر 3 اعتراض لگ گئے

ججز کی آڈیوز، وڈیوز ریلیز پر چیف جسٹس سخت برہم

عدلیہ پر حملے ہورہے ہیں، ادارے کا تحفظ کرینگے، چیف جسٹس

الیکشن کمیشن خود سے بھی نگران حکومت کو افسران کے تبادلوں کے احکامات دے سکتا ہے۔

اسلام آباد (نامہ نگار) چیف جسٹس پاکستان نے کہا ہے کہ تمام سیاسی جماعتوں کو الیکشن میں برابری کا موقع ملنا چاہیے، الیکشن کمیشن کو نگران حکومت کو تبادلوں کا کھلا اختیار نہیں دینا چاہیے۔ سپریم کورٹ میں سی سی پی او لاہور غلام محمود ڈوگر کیس کی سماعت ہوئی۔ وکیل الیکشن کمیشن نے دلائل دیے کہ نگران حکومت کے قیام کے بعد الیکشن شیڈول جاری ہوچکا ہے، آرٹیکل 218 کے تحت صاف شفاف الیکشن کروانا ہماری ذمہ داری ہے، لیول پلیئنگ فیلڈ کیلئے بیوروکریسی میں تبادلے کرنا بھی الیکشن کمیشن کا (بقیہ نمبر 27)

لاہور: محسن نقوی کے مفت آٹے کی فراہمی یقینی بنانے کیلئے سیل پوائنٹس کے اچانک دورے

حکومت کا سستا پٹرول اسکیم فی الحال موخر کرنے کا فیصلہ

سبسڈی لانچ کرنے سے پہلے آئی ایم ایف سے مشورہ لازم ہے، وزارت خزانہ

آئی ایم ایف نے اعتماد میں نہ لینے اور طریقہ کار کی وضاحت نہ ہونے پر اعتراض اٹھایا تھا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) حکومت نے موٹر سائیکل اور چھوٹی گاڑیوں کے لیے سستا پٹرول اسکیم فی الحال موخر کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ رپورٹ کے مطابق ذرائع وزارت خزانہ کا کہنا ہے کہ سبسڈی لانچ کرنے سے پہلے آئی ایم ایف سے مشورہ لازم ہے۔ اسکیم کو نئے طریقے سے لانچ کرنے پر کام ہو رہا ہے۔ اسکیم پر آئی ایم ایف نے اعتراض اٹھایا تھا۔ آئی ایم ایف نے اعتماد میں نہ لینے اور طریقہ کار کی وضاحت نہ ہونے پر اعتراض اٹھایا تھا۔ اس حوالے سے عالمی مالیاتی ادارے کا کہنا (بقیہ نمبر 26)

یوم پاکستان کے موقع پر چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی کا قوم کے نام پیغام

23 مارچ کا دن تاریخی اعتبار سے انتہائی اہمیت کا حامل ہے، محمد صادق سنجرانی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے یوم پاکستان کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 23 مارچ کا دن تاریخی اعتبار سے انتہائی اہمیت کا حامل ہے جب ہمارے آبا اجداد نے قائداعظم محمد علی جناح کی زیر قیادت اپنی تقدیر بدلنے کا اہم فیصلہ کیا اور (بقیہ نمبر 34)

رمضان بچت ایکسپو میں 30 سے 50 فیصد رعایت دینے کا فیصلہ

کراچی (نیوز رپورٹر) کراچی ایکسپو سینٹر میں رمضان بچت ایکسپو منعقد کیا جارہا ہے 8 تا 10 رمضان ہونے والی اس نمائش میں صارفین 30 سے 50 فیصد رعایت پر خریداری کرسکیں گے۔ رپورٹ کے مطابق گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے بدر ایکسپو سلوشنز کے تحت رمضان کے مہینے میں کراچی ایکسپو سینٹر میں ہونے والی بچت ایکسپو (بقیہ نمبر 33)

پارٹی جس رہنما کو ٹکٹ دے گی سب مل کر اسکو کامیاب کروائیں گے

تاریخی ورکرز کنونشن کے انعقاد کا سہرا راجہ شوکت عزیز بھٹی کے سر بہیان کی عوامی مقبولیت کا مظہر ہے

جوش وجذبہ اس بات کا ثبوت ہے کہ مسلم لیگ ن یہاں سے تاریخی کامیابی حاصل کرے گی

گوجرخان (قمر شہزاد) مسلم لیگ ن تحصیل گوجرخان کی مقامی قیادت ایک پلیٹ پر متحد راجہ شوکت عزیز بھٹی کی انگلینڈ سے واپسی کے بعد ایک کامیاب ورکرز کنونشن کا انعقاد کروانے سے یہ عیاں ہو گیا کہ مقامی قیادت میں پھوٹ کی قیاس آرائیاں محض ایک پروپیگنڈہ تھا پاکستان مسلم لیگ ن تحصیل گوجرخان سے کلین سویپ کرے گی راجہ شوکت عزیز بھٹی نے ورکرز کنونشن کا کامیاب کرکے مسلم لیگ ن کے کارکنوں کے دل جیت لیے ہیں راجہ محمد جاوید اخلاص کے حلقہ پی پی 9 سے کامیاب بھی کو یقینی بنا دیا ہے حلقے کے عوام نے راجہ جاوید اخلاص اور مسلم لیگ ن کے حق میں فیصلہ کردیا ہے تاریخی ورکرز کنونشن کے انعقاد کا سہرا راجہ شوکت عزیز بھٹی کے سر بہیان کی عوامی مقبولیت کا مظہر ہے مسلم لیگ ن تحصیل گوجرخان کے کارکنوں کا جوش وجذبہ اس بات کا ثبوت ہے کہ مسلم لیگ ن تحصیل گوجرخان سے تاریخی کامیابی حاصل کرے گی ہزاروں کی تعداد میں ورکرز کنونشن میں مسلم لیگ نون کے کارکنوں کی شرکت نے میاں (بقیہ نمبر 32)

انسداد دہشت گردی عدالت کا صدیق جان کو مقدمہ سے ڈسچارج کرنے کا حکم

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) انسداد دہشت گردی عدالت نینو جوان صحافی صدیق جان کو مقدمہ سے ڈسچارج کرنے کا حکم دے دیا۔ انسداد دہشتگردی کی عدالت نے صدیق جان کو بری کردیا۔ عدالت نے صدیق جان نے 50 ہزار روپے کے عدالتی مچلکے جمع کرانے کا حکم دیا۔ عدالت نے صدیق جان کے ساتھ موجود ادریس خان کو بھی مقدمے (بقیہ نمبر 30)

سینٹر سیف اللہ ابڑو کی زیر صدارت سینٹ کی قائمہ کمیٹی برائے توانائی کا اجلاس

ملک میں حالیہ بجلی بریک ڈان کا معاملہ کمیٹی میں ایک بار پھر زیر بحث آیا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے توانائی کا اجلاس چیئرمین کمیٹی سینیٹر سیف اللہ ابڑو کی زیر صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوا۔ سینیٹر زفر محمد، حاجی ہدایت اللہ خان، شاہ جمالی، پرنا احمد عمر اجلاس میں شریک ہوئے۔ ایڈیشنل سیکریٹری پاور ڈویژن، این ٹی ڈی سی حکام، ڈسکوز کے سی ای اوز/ نمائندوں کے علاوہ دیگر متعلقہ حکام اجلاس میں شریک ہوئے۔ ملک میں حالیہ بجلی بریک ڈان کا معاملہ کمیٹی میں ایک بار پھر زیر بحث آیا۔ ایڈیشنل سیکرٹری پاور ڈویژن نے کمیٹی کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ (بقیہ نمبر 29)

دنیا کی کوئی طاقت ہمیں غلام نہیں بنا سکتی۔ حافظ سعد حسین رضوی

لاہور (خبر نگار) امیر تحریک لبیک پاکستان حافظ سعد حسین رضوی نے کہا کہ 23 مارچ مسلمانوں کی تاریخی جد وجہد کی علامت اور پاکستان کی اساس کی حیثیت رکھتا ہے۔ مسلمانوں نے (بقیہ نمبر 8)

ملک بھر میں جمعرات سے آئندہ 4 روز کیلئے بینک بند رہیں گے

24 مارچ کو زکوٰۃ کٹوتی کے باعث بینکوں میں صارفین سے لین دین نہیں ہوگا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) ملک بھر میں یوم پاکستان، زکوٰۃ کٹوتی اور ہفتہ وار تعطیلات کے باعث جمعرات سے آئندہ 4 روز تک بینک بند رہیں گے۔ تفصیلات کے مطابق 23 مارچ بروز جمعرات کو یوم پاکستان کے سلسلے میں بینک بند رہیں گے، 24 مارچ کو بینک ہولی ڈے ہوگا، 24 (بقیہ نمبر 7)

شہریوں کی سکریننگ، پرائیویٹ سیکٹر کے عملی تعاون کے بغیر ٹی بی کا خاتمہ نہیں کیا جاسکتا۔ ڈاکٹر جمال ناصر

لاہور (جنرل رپورٹر) صوبائی وزیر پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈاکٹر جمال ناصر نے کہا ہے کہ شہریوں کی مکمل سکریننگ سے ہے ملک بھر میں ٹی بی کا خاتمہ کیا جاسکتا ہے۔ دنیا میں ٹی بی سے متاثرہ 30 ممالک میں ہمارا ملک 5 ویں نمبر پر ہے۔ محکمہ صحت کے 757 ہیلتھ فیسلیٹیز میں مفت تشخیص اور علاج معالجہ کی جدید سہولیات دستیاب ہیں۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جمال (بقیہ نمبر 37)

مستحق لوگوں کو ان کی اہلیت تصدیق کرنے کے فوراً بعد آٹا فراہم کردیا جائے، ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر محمد ذیشان حنیف

اوکاڑہ (سٹی رپورٹر) ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر محمد ذیشان حنیف نے کہا ہے کہ مفت آٹے کے لئے ضلع میں قائم کئے گئے پوائنٹس پر شناختی کارڈ کی تصدیق کا عمل کم وقت میں مکمل کیے جانے کے لئے انٹرنیٹ ڈائیوائسز کی فراہمی، سسٹم کو فعال رکھنے میں معاون ثابت ہوگی اسسٹنٹ کمشنرز اپنی اپنی تحصیلوں میں مفت آٹا فراہمی کے پوائنٹس پر لوگوں کی رہنمائی اور سہولت کے لئے لگاتار کاوشیں کریں تاکہ لوگوں (بقیہ نمبر 36)

FFC سندھ میں سیلاب سے نجات کی کوشش کے طور پر 67 نئے تعمیر شدہ مکانات متاثرہ آبادی کے حوالے کیے

بارشوں اور سیلاب نے گزشتہ سال پاکستان کا ایک تہائی حصہ ڈوب کر متاثرین کی جان و مال کو بھاری نقصان پہنچایا تھا

فوجی فرٹیلائزر کمپنی (ایف ایف سی) کی آزمائش کے اوقات میں پسماندہ طبقے کے ساتھ کھڑے ہونے کی ایک طویل تاریخ ہے، ذرائع

سندھ (نمائندہ عوامی للکار) موسلا دھار بارشوں اور سیلاب نے گزشتہ سال پاکستان کا ایک تہائی حصہ ڈوب کر متاثرین کی جان و مال کو بھاری نقصان پہنچایا تھا۔ ذرائع کے مطابق، فوجی فرٹیلائزر کمپنی) ایف ایف سی (کی آزمائش کے اوقات میں پسماندہ طبقے کے ساتھ کھڑے ہونے کی ایک طویل تاریخ ہے۔ سیلاب کی بحالی کی حالیہ سرگرمیوں کے ایک حصے کے طور پر، ایف ایف سی نے گھوٹکی کے آس پاس میں سیلاب متاثرین کے لیے مکانات تعمیر کرنے کی کوشش کی۔ اب تک 67 مکانات گھوٹکی کے کینوں کے حوالے کیے جا چکے ہیں، جن میں 6 بیوائیں شامل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق رمضان کریم کے آغاز سے قبل مزید 22 مکانات کی تعمیر مکمل کرنے اور حوالے کرنے کی کوششیں جاری ہیں تاکہ یکین عید الفطر خوشی سے منا سکیں۔ مزید برآں FFC کے بحالی کے (بقیہ نمبر 9)

سندھ: ایف ایف سی نے سندھ میں سیلاب سے نجات کی کوششوں کے طور پر، 67 نئے تعمیر شدہ مکانات متاثرہ آبادی کے حوالے کیے

آئی ایم ایف قرض پروگرام بحال کرنے کے لیے شرح سود مزید 2 فیصد بڑھنے کا امکان

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) آئی ایم ایف قرض پروگرام بحال کرنے کے لیے شرح سود مزید 2 فیصد بڑھنے کا امکان ہے۔ پاکستان نے آئی ایم ایف سے چار مرتبہ ایم ای ایف پر اتفاق کیا۔ پاکستان کا آئی ایم ایف کے ساتھ اسٹاف لیول معاہدہ 9 فروری کو ہونا تھا۔ آئی ایم ایف کو مطمئن کرنے کے لیے شرح سود مزید بڑھنے کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آئی ایم نے شرح سود 4 فیصد تک (بقیہ نمبر 10)

پشاور، اتفاق کڈنی و جنرل ہسپتال میں تھیلی سیمیا ٹیسٹ کا آغاز

پشاور (یو این پی) اتفاق کڈنی اینڈ جنرل ویلفیئر ہسپتال نے تھیلی سیمیا کی روک تھام کے لیے ہسپتال میں شادی سے قبل ٹیسٹوں کا آغاز کردیا ہے۔ اتفاق کڈنی اینڈ جنرل ویلفیئر ہسپتال کیمپئر مین عبدالحمید گوروازا اور پریزیڈنٹ خواجہ آفتاب اقبال نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں تھیلی سیمیا کا مرض اس لیے بڑھ رہا ہے کہ یہاں شادی سے پہلے لڑکے اور لڑکی کا ٹیسٹ نہیں کیا جاتا ہے

یار مقیم پاکستانیوں کے مسائل کا حل اور OPC کا OPF کا باہمی تعاون بڑھانے کا فیصلہ

دونوں اداروں کے اشتراک سے اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات کا جلد ازالہ یقینی بنایا جائیگا، کمشنر او پی سی سید خادم عباس

او پی سی کی طرف سے وفاقی اداروں کے متعلق بھجوائی جانے والی شکایات ترجیحی بنیادوں پر حل کی جائیں گی، ایم ڈی ڈاکٹر عامر شیخ

اسلام آباد: وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب کی زلفی خلیل زاد کے بیان کی مذمت

لاہور (نامہ نگار) کمشنر پنجاب اوورسیز پاکستانیز کمیشن سید خادم عباس نے کہا ہے کہ سمندر پار مقیم پاکستانیوں کی وفاقی اداروں سے متعلقہ شکایات کے ازالے کے لئے اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن) او پی ایف (سے تعاون کو فروغ دیا گیا ہے اور دونوں اداروں کے اشتراک سے اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات کا جلد ازالہ یقینی بنایا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے منیجر ڈائریکٹر او پی ایف ڈاکٹر عامر شیخ سے ملاقات میں کی۔ ملاقات میں ڈائریکٹر یونیو او پی سی محمد اسلم رانے، او پی ایف کے سینئر افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر دونوں اداروں کے درمیان تعاون مزید بڑھانے اور اوورسیز پاکستانیوں کی شکایات کے جلد ازالے کے لئے طریقہ کار کو بہتر بنانے (بقیہ نمبر 35)

بغاوت پر اکسانے کا کیس، شہباز گل پر فرد جرم کی کارروائی مؤخر

سیشن عدالت نے پی ٹی آئی رہنما پر فرد جرم عائد کرنے کیلئے یکم اپریل کی تاریخ مقرر کردی

اسلام آباد (خبر نگار) بغاوت پر اکسانے کا کیس، پی ٹی آئی رہنما شہباز گل پر جرد جرم کی کارروائی پر مؤخر ہوگئی۔ تفصیلات کے مطابق سیشن کورٹ میں بغاوت پر اکسانے سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی، پی ٹی آئی رہنما شہباز گل کی جانب سے آج حاضری سے استثنیٰ کی درخواست دائر کی گئی، عدالت نے شہباز گل کی آج حاضری سے استثنیٰ کی درخواست منظور کر لی۔ سیشن عدالت نے شہباز گل کو آئندہ سماعت پر حاضری یقینی بنانے کی ہدایت کردی اور شہباز گل پر فرد جرم عائد کرنے کیلئے یکم اپریل کی تاریخ مقرر کردی گئی۔ یاد رہے کہ اس سے پہلے بھی سیشن عدالت میں شہباز گل کے خلاف بغاوت (بقیہ نمبر 38)

سابق ممبر قومی اسمبلی اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ پنجاب کے ریڈار پر

سابق ایم این اے جاوید اقبال وڑائچ کے خلاف اینٹی کرپشن پنجاب میں تحقیقات کا آغاز

لاہور (خصوصی رپورٹر) ترجمان اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ پنجاب کے مطابق تحریک انصاف کے سابق ایم این اے جاوید اقبال وڑائچ کے خلاف انکوائری نمبر 72/2022 پر کارروائی کا آغاز کیا گیا ہے جبکہ تحقیقات کیلئے سابق ایم این اے کو طلبی کا نوٹس بھی جاری کر دیا ہے۔ ترجمان اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ پنجاب نے اپنے بیان میں کہا کہ جاوید اقبال وڑائچ نے رحیم یار خان میں اربوں روپے مالیت کے دو پلازے بشیر مال اور فرسٹ اسٹیپ کے نام سے بلدیہ سے بغیر فیس منظور کروائے جبکہ بشیر گارڈن، رائل گارڈن اور دی پرل سٹی ہاسنگ سکیمیں غیر قانونی طور پر منظور کروا کر کروڑوں روپے کا منافع کمایا۔ جاوید وڑائچ نے بلدیہ رحیم یار خان اور تحصیل کونسل رحیم یار خان کی مشنری غیر قانونی طور پر اپنے بھائی کے کھیتوں اور ہاسنگ سکیموں کے ترقیاتی کاموں میں استعمال کی۔ پٹرول کی فراہمی میں خورد برد سے جاوید اقبال نے سرکاری خزانے کو کروڑوں روپے کا چونا لگایا۔ جاوید وڑائچ المختار پٹرول پمپ (بقیہ نمبر 39)

اینٹی کرپشن کی عدالت نے محمد خان بھٹی کی درخواست ضمانت منظور کرلی

ویڈیو میں محمد خان بھٹی کے مطابق ایک عدالتی شخصیت کے دو بیٹے کرپشن کررہے ہیں

عدالت کا سابق پرنسپل سیکرٹری محمد خان بھٹی کو 5 لاکھ روپے کے مچلکے جمع کروانے کا حکم

لاہور (نیوز رپورٹر) اینٹی کرپشن کی خصوصی عدالت نے سابق پرنسپل سیکرٹری محمد خان بھٹی کی درخواست ضمانت منظور کرلی۔ تفصیلات کے مطابق لاہور کی انسداد رشوت ستانی کی خصوصی عدالت میں سابق وزیراعلیٰ پنجاب کے پرنسپل سیکرٹری محمد خان بھٹی کی ضمانت بعد از گرفتاری کی درخواست پر سماعت ہوئی، اینٹی کرپشن عدالت نے محمد خان بھٹی کو 5 لاکھ روپے کے ضمانتی مچلکے جمع کروانے کا حکم دیا۔ محمد خان بھٹی کے وکیل نے گزشتہ ساعت پر موقف اپنایا کہ میرے موکل کیخلاف انتقامی کارروائی کرتے ہوئے سیاسی مقدمات درج کئے گئے ہیں، استدعا ہے کہ ضمانت منظور کی جائے۔ دوسری جانب محمد خان بھٹی کی ایک ویڈیو سامنے آئی ہے جس میں وہ بعض اہم عدالتی شخصیات پر پی ٹی آئی کی حمایت کا الزام لگا رہے ہیں۔ ویڈیو میں محمد خان بھٹی کے مطابق ایک عدالتی شخصیت کے دو بیٹے کرپشن کررہے ہیں، پرویز الٰہی نے کہا یہ حق میں فیصلے کراتے ہیں، ان کا کام رکنا نہیں چاہیے۔ محمد خان بھٹی سے سوال کیا گیا کہ لاہور ہائیکورٹ کیسے پیچ ہو رہی ہی اس پر انہوں جواب دیا کہ لاہور ہائیکورٹ علی افضل ساہی کے ذمے ہے۔ دوسری جانب سابق وزیراعلیٰ پنجاب (بقیہ نمبر 41)

حسان نیازی کو ضمانت کے باوجود اغوا کیا گیا، چیئرمین تحریک انصاف

بیان میں مزید کہا کہ حسان نیازی کا ایک اور ایف آئی میں جھوٹا نام ڈالا گیا

عمران خان کی زیر حراست پی ٹی آئی رہنماؤں اور کارکنوں پر تشدد کی مذمت

لاہور (اسپیشل رپورٹر) عمران خان نے تحریک انصاف کے کارکنوں اور رہنماؤں پر تشدد کی مذمت کر دی۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین تحریک انصاف عمران خان نے کہا ہے کہ امجد نیازی سمیت پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں پر حراست کے دوران تشدد کی پرزور مذمت کرتا ہوں، اب مجھے علم ہوا کہ حسان نیازی کو ضمانت کے باوجود پہلے اغوا کیا گیا۔ سابق وزیراعظم نے ٹویٹر جاری کیے گئے بیان میں مزید کہا کہ حسان نیازی کا ایک اور ایف آئی میں جھوٹا نام ڈالا گیا، یہاں شرمناک فاشزم اور جنگل کا قانون ہے۔ قبل ازیں عمران خان نے کہا کہ بھتہ کو بشریٰ بی بی کو خدا حافظ کہہ کر گھر سے نکلا تھا، مجھے علم تھا جیل (بقیہ نمبر 42)

کمشنر ملاکنڈ کی زیر صدارت سوات موٹروے فیز ٹو سے متعلق اجلاس

پروجیکٹ ڈائریکٹر برکت اللہ نے کمشنر ملاکنڈ ڈویژن کو پروجیکٹ کے مختلف پہلوؤں اور مجموعی پیشرفت پر آگاہ کیا

پشاور (خصوصی رپورٹر) کمشنر ملاکنڈ ڈویژن شاہد اللہ خان کی زیر صدارت سوات موٹروے فیز ٹو سے متعلق اجلاس کمشنر آفس سیدو شریف میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں سوات موٹروے فیز ٹو کی تعمیر میں پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ پروجیکٹ ڈائریکٹر برکت اللہ نے کمشنر ملاکنڈ ڈویژن کو پروجیکٹ کے مختلف پہلوؤں اور مجموعی پیشرفت پر آگاہ کیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پروجیکٹ کے لئے اراضی حاصل کی جاچکی ہے اور کام ٹائم لائن کے مطابق ادائیگیوں کا عمل آگے بڑھ رہا ہے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ اپنی نوعیت (بقیہ نمبر 43)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035